Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل، 02 جون 2026، 16 ذوالحجہ 1447 ھ، قیمت 20روپے | شمارہ 51

پنجاب حکومت فلم انڈسٹری کی بحالی کے لیے پرعزم ہے، فلم سٹی اور فلم فنڈز عملی اقدامات ہیں، عظمیٰ بخاری

پاکستانی ثقافت کے فروغ اور نوجوانوں کو سینما گھروں میں واپس لانے کے لیے معیاری فلمیں ضروری ہیں، آرٹ کونسلز میں سینما ہالز کے قیام کا فیصلہ، نئی فلموں کی تیاری اور ریلیز میں تیزی آئے گی، عظمیٰ بخاری

اچھی اور معیاری فلمیں معاشرے کی مثبت عکاسی کرتی ہیں اور کسی ایک طبقے تک محدود نہیں ہونی چاہئیں، پاکستانی فلم انڈسٹری زندہ ہے، اب صنعت کو حکومتی اقدامات سے بھرپور فائدہ اٹھانا ہوگا

وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نئی پنجابی فلم "مکھو" کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں جبکہ فلمسٹار سنگیت، اداکارہ میرا، نشو بیگم اور معمر رانا سٹیج پر موجود ہیں۔

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق پاکستان کی فلم انڈسٹری کی بحالی اور ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ فلم سٹی کے قیام اور فلم فنڈز کا اجراء اس عزم کا واضح ثبوت ہے، جس کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پنجابی فلم ''مکھو'' کی (بقیہ نمبر 1)

بالائی علاقوں میں تیز ہواؤں، آندھی، گرج چمک اور بارش کی پیشگوئی

شہریوں، سیاحوں اور متعلقہ اداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت جاری

مغربی ہواؤں کا نیا سلسلہ 02 جون کو ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ موسمیات نے ملک کے بالائی علاقوں میں 2 جون سے 5 جون کے دوران تیز ہواؤں، آندھی، گرج چمک اور بارشوں کی پیشگوئی کرتے ہوئے شہریوں، سیاحوں اور متعلقہ اداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت جا (بقیہ نمبر 2)

آئی ایم ایف کے دباؤ پر حکومت انتہائی مشکل بجٹ پیش کرنے جا رہی ہے

کڑی شرائط سے معیشت کے سکڑنے کی رفتار بڑھ رہی ہے، خودانحصاری کی جانب پیشرفت کی جائے

لاہور (یو این پی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن وسابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی کڑی شرائط کے با (بقیہ نمبر 5)

حج سے واپسی کا آغاز، سعودی ایئرلائن کی پرواز سے 370 حجاج کرام اسلام آباد پہنچ گئے

وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے اسلام آباد ہوائی اڈے پر حجاج کرام کا استقبال کیا

اسلام آباد (یو این پی) حج 2026 کی ادائیگی کے بعد پاکستانی حجاج کرام کی وطن واپسی کا عمل شروع ہوگیا، سعودی ایئرلائن کی پرواز ایس وی 5724 کے ذریعے 370 حجاج کرام پیر کو اسلام آباد پہنچ گئے۔ وفاقی وزیر برائے پار (بقیہ نمبر 4)

ماہ مئی کے دوران ریسکیو 1122 مری کا شاندار کارکردگی ریکارڈ

3395 ایمرجنسیز پر بروقت رسپانس، 3399 شہریوں کو امدادی خدمات فراہم

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری نے گزشتہ ماہ مئی 2026 کے دوران مختلف نوعیت کی 3395 ایمرجنسی کالز پر بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 3399 شہریوں کو امدادی و ریسکیو (بقیہ نمبر 3)

سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور بحالی پراجیکٹ میں ٹائم لائن، کوالٹی اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت، نئی بننے والی روڈز پر سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کو لازمی قرار

روڈز کی تعمیر و مرمت تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن

فیصل آباد، گوجرانوالہ میں ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر اور بس اسٹاپس بنانے کی منظوری، لاہور سمیت پنجاب کے بڑے شہروں میں جدید ٹریفک سسٹم رائج کرنے کا حکم

صوبے بھر میں 30,000 کلومیٹر سے زائد سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی جا چکی ہے، روڈز انفراسٹرکچر کی بہتری اور جدید ٹرانسپورٹ کیلئے اربوں روپے کے میگا منصوبے شروع کیے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کی ہدایت پر ''سی ایم لوکل روڈز'' پروگرام کے تحت مختلف اضلاع میں روڈز کی تعمیر و مرمت کا کام تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر میں روڈز کے بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیے تاریخی اور مثالی پروگرام شروع ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور بحالی پراجیکٹ میں ٹائم لائن، کوالٹی (بقیہ نمبر 6)

ایم این اے ملک افضل کھوکھر نے اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

پاک-جاپان کاروباری تعاون، اسٹارٹ اپس، آئی پی اوز اور غیرملکی سرمایہ کاری کے فروغ پر اہم ملاقات

اسلام آباد (رضوان چوہان سے) زیڈ ایل کے گروپ کے چیئرمین زا (بقیہ نمبر 22)

ملک و قوم کو بحرانوں نے نکالنے کیلئے محب وطن قیادت کی ضرورت ہے

دنیا بھر کی حکومتیں اپنے لوگوں کو سبسڈیز دیتی ہیں پاکستان میں ختم کرنے کی باتیں ہو رہی ہیں

لاہور (یو این پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت سنگین معاشی، سماجی اور انتظامی مسائل کی زد میں ہے، جس کے باعث عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے، مہنگائی، بے روزگاری، بڑھتے ہوئے ٹیکسز، بدامنی اور اسٹریٹ (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: چیئرمین ZLK گروپ زاہد لطیف خان وفاقی دارالحکومت میں ملاقات کے بعد صدر ایشیا ویب 3 الائنس جاپان (AWAJ) ہنزہ آصف کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا بچوں کی پرورش و کردار سازی میں والدین کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین

میری والدہ اور والد قائد محمد نواز شریف نے ہمیشہ غریب اور نادار افراد کی خدمت کی تلقین کی، زندگی میں ہر کامیابی اپنے والدین کی بدولت حاصل کی

والدین کی محبت، دعائیں اور رہنمائی بچوں کیلئے سب سے قیمتی اثاثہ ہوتی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا والدین کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے بچوں کی پرورش اور کردار سازی میں والدین کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام والدین کو ڈھیروں سلام پیش کیا اور انکی قربانیوں، محبت اور بچوں کی زندگی میں ان کے کردار کو سراہا۔ والدین کے عالمی دن (Global Day of Parents) پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مر (بقیہ نمبر 7)

عمران غزنوی پرائیویٹائزیشن کمیشن میں چیف میڈیا آفیسر اور پرنسپل ترجمان تعینات

عمران غزنوی نے پرائیویٹائزیشن کمیشن میں چیف میڈیا آفیسر اور پرنسپل ترجمان کے طور پر ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں

اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور ملک کے اصلاحاتی ایجنڈے کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) عمران غزنوی نے پرائیویٹائزیشن کمیشن میں چیف میڈیا آفیسر اور پرنسپل ترجمان کے طور پر ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں، جہاں وہ اسٹریٹجک کمیونیکیشن اور ایکسٹرنل ریلیشنز کیامور میں اہم کردار ادا کریں گے۔ وہ سٹریٹجک کمیونیکیشن کے ذریعے عوامی بیانیہ کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے، اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور ملک کے اصلاحاتی ایجنڈے (بقیہ نمبر 24)

ملک میں مہنگائی 2 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

روان سال مئی 2026ء میں افراط زر کی سالانہ شرح بڑھ کر 11.66 فیصد ہو گئی

اپریل کے مقابلے مئی میں مہنگائی کی شرح میں 0.52 فیصد اضافہ ہوا

لاہور (این ای این) ملک میں مہنگائی میں مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جو 2 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کی ماہانہ رپورٹ کے مطابق رواں سال مئی 2026ء میں افراط زر کی سالانہ شرح بڑھ کر 11.66 فیصد ہو گئی ہے جو جون 2024ء کے بعد 23 ماہ کی بلند ترین سطح ہے۔ اپریل کے مقابلے مئی میں مہنگائی کی شرح میں 0.52 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اپریل 2026ء میں سالانہ مہنگائی کی شرح 10.89 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی جبکہ مئی 2025ء میں یہ شرح 3.5 فیصد تھی۔ ادارہ شماریات کے مطابق جو (بقیہ نمبر 21)

پنجاب میں اتحاد بین المسلمین کے لیے 70 سے زائد علماء پر مشتمل امن وفود روانہ

مختلف مکاتب فکر کے علماء ڈویژنل سطح پر مشترکہ اجلاس کر کے فرقہ وارانہ ہم آہنگی

لاہور (یو این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں محرم الحرام کے ایام مقدسہ کو امن و بھائی چارے کی فضاء میں منانے کے لیے سیکرٹری و چیف ایڈ (بقیہ نمبر 8)

14 ویں پروفیسر مختار احمد بٹ میموریل ٹی ٹونٹی کپ کی فاتح اولڈ راویز کی ٹیم کے کھلاڑی ٹرافی کے ہمراہ جشن منا رہے ہیں۔

جسا نمائش کوانگ ژو کے افتتاح کے موقع پر چین کے اعلیٰ حکام اور مختلف ممالک سے آئے مندوبین موجود ہیں۔

راولپنڈی، ڈھوک منشی روڈ پر فائرنگ، 2 افراد جاں بحق

راولپنڈی (یو این پی) راولپنڈی تھانہ چکلالہ کے علاقے ڈھوک منشی روڈ پر فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ (بقیہ نمبر 25)

ماحولیات کے تحفظ کا عالمی دن 5 جون کو منایا جائیگا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ماحولیات کے تحفظ کا عالمی دن 5 جون کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور شجرکاری کے متعلق عوامی شعور پیدا کرنا ہے، اس دن کے حوالے سے ملک بھر کے بڑے بڑے شہرو (بقیہ نمبر 26)

ایم کیو ایم پاکستان کا بہادرآباد دفتر بھی قبضے کی جگہ پر بنا ہوا ہے، جماعت اسلامی

کراچی کی بربادی میں ایم کیو ایم پی پی کے شانہ بشانہ نظر آتی ہے

کراچی (یو این پی) قائم مقام امیر جماعت اسلامی کراچی سیف الدین ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ فاروق ستار نے ہل پارک کی زمین پر قبضے کے معاملے پر پریس کانفرنس کی مگر ایم کیو ایم پاکستان کا بہادرآباد دفتر بھی قبضے کی جگہ پر بنا ہوا ہے۔ ادارہ نور حق میں (بقیہ نمبر 27)

ایم این اے طاہرہ اورنگزیب، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان و دیگر مسلم لیگ ن خواتین ونگ کی جانب سے مسلم لیگ ہاؤس راولپنڈی میں منعقدہ تقریب میں یوم تکبیر کا کیک کاٹ رہی ہیں۔

جب لوگ پیٹرول پمپ پر بے بس ہوجائیں، دنیا خاموشی سے نئی پٹڑی پر منتقل ہو رہی ہوتی

بیجنگ (یو این پی) اپریل 2026 میں نیوزی لینڈ میں پیٹرول کی قیمت بڑھ کر 3.4 نیوزی لینڈ ڈالر فی لیٹر تک پہنچ گئی۔ عام آمدنی والے خاندان اگر ایک ماہ میں دو یا تین مرتبہ گاڑی میں پیٹرول بھرواتے ہیں تو صرف ایندھن پر ہی ایک ہزار سے زائد نیوزی لینڈ ڈالر خرچ ہو جاتے ہیں، جو گھریلو آمدنی کا تقریباً پا (بقیہ نمبر 10)

لاہور کے سرکاری کالجز میں سہولیات کی کمی دور کرنے کا فیصلہ

لاہور کے سرکاری سکولوں میں طلبہ کے لئے 60 ہزار نئی کرسیوں کی خریداری کی منظوری دی گئی

لاہور (یو این پی) لاہور کے سرکاری کالجز میں سہولیات کی کمی دور کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ لاہور کے سرکاری سکولوں میں طلبہ کے لئے 60 ہزار نئی کرسیوں کی خریداری کی منظوری دی گئی ہے علاوہ ازیں سرکاری کالجز میں 300 نئے کلاس رومز تعمیر کرنے کا منصو (بقیہ نمبر 9)

سال 2021 سے 2025 کے دوران ٹرینوں کو 448 حادثات پیش آئے

گزشتہ 5 سالوں کے مال بردار اور مسافر ٹرینوں کے کتنے حادثات ہوئے

لاہور (یو این پی) سال 2021 سے 2025 کے دوران ٹرینوں کو 448 حادثات پیش آئے، ان میں 164 بڑے حادثات شامل ہیں۔ ان حادثات میں مجموعی طور پر 169 افراد کی زندگی کے چراغ گل ہوئے، حادثات میں 134 مسافر، 28 راگیر (بقیہ نمبر 20)

آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور طریقے سے حصہ لوں گا

عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے ان کی جدوجہد جاری رہے گی

کمالیہ (یو این پی) ملک عمر حیات نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور طریقے سے حصہ لیں گے اور عوام کی حمایت سے کامیابی حاصل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ بندیوں کی تقسیم سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ عوام ہمیشہ (بقیہ نمبر 19)

وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اسلام آباد ایئرپورٹ پر حجاج کرام کے استقبال کے بعد میڈیا سے گفتگو کی۔

یوم تکبیر پاکستان کی خودمختاری، دفاعی قوت اور قومی وقار کی علامت ہے

مسلم لیگ ہاؤس راولپنڈی میں یوم تکبیر کی پروقار تقریب، نواز شریف کی جرات مندانہ قیادت کو خراج تحسین

تقریب میں مسلم لیگ (ن) کی خواتین رہنماؤں اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ملکی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے زیراہتمام مسلم لیگ ہاؤس راولپنڈی میں یوم تکبیر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں 28 مئی 1998ء کو پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے کے تاریخی فیصلے اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کی جرات مندانہ قیادت کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں مسلم لیگ (ن) کی خواتین رہنماؤں اور کارکنان (بقیہ نمبر 11)

عالمی برادری کو جاپان کے حالیہ غلط بیانات اور اقدامات پر انتہائی چوکس رہنا ہوگا

بیجنگ (یو این پی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیئن نے یومیہ پریس کانفرنس میں، نیٹو کے ساتھ دفاعی تعاون کو (بقیہ نمبر 13)

حجرہ شاہ مقیم، طوفانی آندھی سے گرلز پرائمری سکول بٹیاں کی دیوار گرگئی

قیمتی سامان کو چوری اور سکول کو جرائم پیشہ عناصر سے خطرات لاحق ہو گئے

حجرہ شاہ مقیم (یو این پی) شدید طوفانی آندھی کے باعث گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بٹیاں کی بیرونی دیوار گرگئی جس سے سکول کی سکیورٹی شدید متاثر ہوگئی ہے۔ دیوار گرنے کے بعد سکول کی عمارت اور اندر موجود سرکاری سامان غیر محفوظ ہو گیا ہے جبکہ اہل علاقہ نے ممکنہ چوری اور دیگر ناخوشگوار واقعات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مقامی شہریوں کے (بقیہ نمبر 12)

چین کا ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو کو ہنگامی انسانی امداد فراہم کرنے کا فیصلہ

بیجنگ (یو این پی) ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو (ڈی آر سی) میں حال ہی میں ایبولا وائرس کی نئی لہر کا آغاز ہوا ہے۔ اس حوالے سے عالمی ادارہ صحت اور بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے لیے افریقہ کے مراکز نے عالمی برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ وبائی امراض کے انسداد کے لئے فعال طور پر افریقہ کی مدد کرے۔ پیر کے روز چینی وزارت خارجہ کے (بقیہ نمبر 15)

حکومتی کوششوں سے مہنگائی میں نمایاں کمی آئی ہے، احسن اقبال کا دعویٰ

ملک میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے وسائل میں مسلسل کمی ہو رہی ہے

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت کی کوششوں سے مہنگائی میں نمایاں کمی آئی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں آئندہ مالی سال کے بجٹ اور ترقیاتی منصوبوں کی تیاریوں کے حوالے سے ایک انتہائی اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے (بقیہ نمبر 14)

سابق وزیر داخلہ چوہدری نثار علی خان پاؤں کی سرجری کے بعد روبہ صحت

کچھ عرصہ پہلے انکے پاؤں کا فریکچر ہوگیا تھا جس کے بعد ڈاکٹرز نے انہیں سرجری کا مشورہ دیا تھا

راولپنڈی (عبدالرحمان) سابقہ وزیر داخلہ، وزیر پٹرولیم اور اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی چوہدری نثار علی خان کی اسلام آباد کے ایک ہاسپٹل میں کامیاب سرجری ہوئی۔ اطلاعات کے مطابق وہ اب اپریشن کے بعد اللہ تعالی کے فضل وکرم سے تیزی سے صحتمند ہو رہے (بقیہ نمبر 18)

اپنا کھیت اپنا روزگار، پلس پراجیکٹ اور سٹی بیوٹیفکیشن منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے

سرگودھا (طارق محمود قاسمی سے)۔ کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیر صدارت "اپنا کھیت اپنا روزگار" "اینیشی ایٹو، پلس پراجیکٹ اور سٹی بیوٹیفکیشن/اربن ری جنریشن پلان کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چاروں اضلاع سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور بھکر (بقیہ نمبر 16)

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات، پروفیسر احسن اقبال MoPDSI میں منعقدہ سالانہ پلان کوآرڈینیشن کمیٹی (APCC) کے اجلاس کے افتتاحی سیشن سے افتتاحی کلمات ادا کر رہے ہیں۔

تاریخی اقبال میموریل لائبریری زبوں حالی کا شکار

بنیادی سہولیات ناپید، طلبہ شدید مشکلات میں مبتلا کتب کی کمی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) شہر کی تاریخی اور علمی حیثیت کی حامل اقبال میموریل لائبریری، جو ماضی میں علم و ادب کا مرکز تصور کی جاتی تھی، اس وقت شدید زبوں حالی کا شکار ہو چکی ہے۔ لائبریری میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث طلبہ اور علم دو (بقیہ نمبر 17)

Askari INSURANCE — Rawal Foundation

پاکستان عوامی قوت پارٹی



هم وعده نہیں
هم عمل کرتے هیں

راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال اسلام آباد، راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال باغ
راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال راولاکوٹ، راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال کوٹلی
آپ کیلئے لا رہے ہیں

عوامی ہیلتھ کارڈ

آؤٹ ڈور علاج (OPD) کی سہولیات
- ڈاکٹر چیک اپ فیس پر خصوصی 50% ڈسکاؤنٹ۔
- لیب، ایکسرے اور الٹراساؤنڈ پر خصوصی 10% ڈسکاؤنٹ۔

ان ڈور علاج (IPD) کی سہولیات
- کسی بھی علاج سے متعلق تمام چارجز داخلے سے ڈسچارج تک جیسے وارڈ چارجز، میڈیکل آفیسر، نرسنگ کیئر شامل ہیں
- یورالوجی، گائنی، بچوں کا علاج، ناک کان گلا، آنکھوں کا علاج و آپریشن
- لیب ادویات کی سہولت میسر ہوگی۔
- ایم آر آئی، سی ٹی سکین اور انجیوگرافی کی سہولت میسر ہوگی۔
- اینڈوسکوپی اور آئی سی یو کی سہولت میسر ہے

اہل افراد	علاج کی مقررہ حد	سالانہ ادائیگی
شوہر، بیوی اور 3 بچے	Rs. 500,000	Rs. 25,000/-
شوہر، بیوی اور 3 بچے	Rs. 800,000	Rs. 40,000/-

راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال لہتراڑ روڈ نزد کھنہ پل اسلام آباد

051-2617381-3. Ext 834, 0332-5473835, 0320-9824188
ipdoffice841@gmail.com

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا اگلے مورچوں کا دورہ اور بھارت کو وارننگ

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عیدالاضحیٰ کا دن مغربی سرحدوں پر تعینات فرنٹ لائن فوجیوں کے ساتھ گزارا۔ اس سلسلہ میں وہ عید کے روز ضلع ژوب بلوچستان کے دورے پر آئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے ژوب میں نماز عید ادا کی اور پاکستان میں پائیدار امن، استحکام، خوشحالی اور مادر وطن کے دفاع میں لازوال قربانیاں پیش کرنے والے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیئے خصوصی دعا کی۔ انہوں نے پاک فوج کے افسروں اور جوانوں کو عید کی مبارکباد دیتے ہوئے ان کے غیر معمولی اور غیر متزلزل عزم، اپریشنل تیاریوں اور غیر ملکی سپانسرڈ شدہ دہشت گردی کے دوران ان کی ثابت قدمی کو سراہا۔ انہوں نے فوجی جوانوں کو ان کی بے مثال قربانیوں پر زبردست خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے دہشت گردی کی لعنت اور دشمن قوتوں کی طرف سے سپانسر کئے گئے دشمنانہ خطرات سے قوم کی حفاظت کی۔ انہوں نے گذشتہ ہفتے کوئٹہ میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردی کو بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان اور اس کے نیٹ ورکس کی بزدلانہ واردات قرار دیا اور جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے تمام سہولت کاروں کے خلاف پوری قوت سے اپریشن جاری رکھیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس طرح کی غیر انسانی اور سفاکانہ کارروائیاں پاکستان کی مسلح افواج اور قوم کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ مسلح افواج قانون نافذ کرنے والے اداروں اور بلوچستان کے ساتھ قریبی ہم آہنگی کے ساتھ دہشت گردی کے تمام سہولت کاروں، ان کی حوصلہ افزائی کرنے والے عناصر اور مجرموں کا پوری قوت کے ساتھ تعاقب جاری رکھیں گی۔ دریں اثناء پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کے سرحد پار دہشت گردی کے الزامات مسترد کرتے ہوئے باور کرایا ہے کہ بھارت خود بیرون ملک دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث ہے اور اس کی خفیہ سرگرمیوں کے واضح شواہد موجود ہیں۔ اقوام متحدہ میں پاکستان مشن کی کونسلر صائمہ سلیم نے اس سلسلہ میں سلامتی کونسل کے اجلاس میں بھارتی الزامات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کلبھوشن یادیو پاکستان میں بھارت کی خفیہ کارروائیوں کا زندہ ثبوت ہے۔

عیدِ قربان

ہر تہوار کی اپنی ایک الگ اہمیت ہوتی ہے اور ان تہواروں میں عیدین سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہیں: عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ۔ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہؓ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ان دو تہواروں کے بدلے میں ان سے بہتر دو دن تمہارے لیے مقرر فرما دیے ہیں: 1۔ عیدالفطر 2۔ عیدالاضحیٰ عید رقص و سرود یا محض موج مستی کا نام نہیں بلکہ ایک دینی، مذہبی اور پاکیزہ تہوار ہے۔ عیدالفطر رمضان المبارک میں کی جانے والی عبادتوں کے بدلے اور انعام کا دن ہے۔ عیدالفطر کی رات کو لیلۃ الجائزہ اور عیدالفطر کے دن کو یوم الجوائز یعنی انعامات اور بدلے کا دن کہا جاتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اسے مذہبی تہوار قرار دیتے ہوئے فرمایا: "بے شک ہر قوم کے لیے عید کا دن ہوتا ہے اور یہ ہماری عید کا دن ہے۔" میں جب چھوٹی تھی تو مجھے عیدالفطر زیادہ پسند تھی۔ شاید سب بچوں کو ہوتی ہے۔ نئے کپڑے، نئے جوتے اور پھر عید کے دن تمام بڑوں سے عیدی ملنا بچوں کے لیے بڑی خوشی اور مسرت کا باعث ہوتا ہے۔ لیکن اب عیدالاضحیٰ کا زیادہ انتظار رہتا ہے، کیونکہ اس عید پر ہم اللہ کی راہ میں قربانی کرتے ہیں۔ ہمارے گھر میں زیادہ تر قربانی کا جانور دس پندرہ دن پہلے لایا جاتا ہے۔ گھر کا ہر فرد، خواہ بڑا ہو یا بچہ، اس جانور کا خیال رکھتا ہے، اسے کھلاتا پلاتا ہے۔ مختصر یہ کہ ہمیں اس جانور سے ایک خاص لگاؤ ہو جاتا ہے۔ پھر عید کے دن اسے اللہ کی راہ میں قربان ہوتے دیکھنا جہاں تکلیف کا باعث بنتا ہے، وہیں صحیح معنوں میں قربانی کا مطلب بھی سمجھ آتا ہے کہ کیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم پر اپنے لختِ جگر حضرت اسماعیل علیہ السلام کو اللہ کے حضور قربان کرنے کے لیے پیش کر دیا تھا۔ عیدِ قربان ہمیں عفو و درگزر، مساوات اور بھائی چارے کا درس دیتی ہے۔ اس کا اصل مقصد جانوروں کا خون بہانا نہیں بلکہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اپنے اندر تقویٰ اور جذب؟ اطاعت پیدا کرنا ہے۔ افسوس کہ عیدِ قربان تو گزر گئی، لیکن قربانی کا حقیقی مقصد، یعنی اپنی انا، خواہشات اور پسندیدہ ترین چیز کو اللہ کی رضا کے لیے نثار کرنا، ہم میں سے بہت سے لوگ نہیں سمجھ پاتے۔ لوگ جانور کی قربانی تو کر دیتے ہیں مگر دل میں موجود بغض، نفرت اور غرور کی قربانی نہیں کرتے۔ ہم تو گوشت کی تقسیم بھی صحیح طریقے سے نہیں کرتے۔ ہمیں گوشت کی تقسیم کا مستحب طریقہ بتایا گیا ہے کہ گوشت کو تین حصوں میں تقسیم کیا جائے: ایک حصہ اپنے لیے، ایک رشتہ داروں اور عزیز و اقارب کے لیے، اور ایک غریبوں اور ضرورت مندوں کے لیے۔ مگر حقیقت اس کے برعکس نظر آتی ہے۔ گوشت کا زیادہ حصہ گھروں کے فریزر کی زینت بن جاتا ہے۔ اس کے علاوہ زیادہ تر گوشت ان عزیزوں کے گھروں میں بھیج دیا جاتا ہے جنہوں نے خود بھی قربانی کی ہوتی ہے۔ غریبوں کا جو تھوڑا بہت حصہ نکلتا ہے، وہ ہم میں سے اکثر لوگ آسانی، جلد بازی یا ذمہ داری سے جان چھڑانے کی خاطر پیشہ ور مانگنے والوں کے حوالے کر دیتے ہیں۔ بعد ازاں یہی مانگنے والے اس گوشت کے بڑے بڑے تھیلے اونے پونے داموں ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس کے مالکان کو فروخت کر دیتے ہیں، اور پھر چند دن بعد ہم خود وہی گوشت بھاری قیمت ادا کر کے انہی ہوٹلوں میں کھا رہے ہوتے ہیں۔ یہ گوشت کی تقسیم نہیں بلکہ ایک مقدس فریضے کا معاشی استحصال ہے، جس کی وجہ سے وہ طبقہ محروم رہ جاتا ہے جو حقیقتاً اس کا مستحق ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو نہ جانور کا خون پہنچتا ہے اور نہ گوشت، بلکہ ہماری نیت اور تقویٰ پہنچتا ہے۔ اور تقویٰ کا تقاضا یہ ہے کہ ہم گوشت کی تقسیم میں سستی نہ برتیں بلکہ اپنے آس پاس موجود غریب رشتہ داروں، کم تنخواہ والے ملازمین، چوکیداروں، خاکروبوں، ماسیوں، بیواؤں اور سفید پوش پڑوسیوں کے گھروں تک خود پہنچائیں۔ ایک اور بات بھی قابلِ غور ہے۔ گوشت ضرور ہر مستحق اور سفید پوش خاندان تک پہنچائیں، لیکن اتنا ضرور دیں کہ اگر گھر میں پانچ چھ افراد ہیں تو وہ کم از کم ایک وقت کی ہانڈی پکا کر کھا سکیں۔ ایسا نہ ہو کہ چند بوٹیاں دے کر ہم اپنی ذمہ داری پوری سمجھ لیں اور وہ بیچارے یہ سوچتے رہ جائیں کہ اس تھوڑے سے گوشت کا کیا کریں۔ عیدِ قربان پر ہم سب کو یہ عہد کرنا چاہیے کہ صرف جانور ہی نہیں بلکہ اپنی انا، نفرتیں اور ناراضگیاں بھی اللہ کی رضا کے لیے قربان کریں۔ دل صاف کریں، رشتے جوڑیں، معاف کرنا سیکھیں اور اپنوں کو محبت سے گلے لگائیں۔ کیونکہ حقیقت میں یہی اصل قربانی ہے۔

صاف ستھرا پنجاب اصل ہیرو کون؟

تحریر از خود خاور شہزاد

کئی مرتبہ راقم نے صاف ستھرا پنجاب پروگرام پر قلم اٹھانے کا ارادہ کیا مگر مصروفیات اور وقت کی کمی کے باعث ایسا ممکن نہ ہو سکا، تاہم حالیہ دنوں میں بعض شہریوں کی جانب سے یہ سوال سامنے آیا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر چوآسیدن شاہ میں صفائی کے عملے کی مثالی کارکردگی کے بارے میں کوئی تحریر یا اظہار خیال کیوں سامنے نہیں آیا، یہی سوال اس کالم کا محرک بنا۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی معاملے کو سمجھنے کے لیے اس کے دونوں پہلوؤں کو دیکھنا ضروری ہوتا ہے کیونکہ ہر تصویر کا ایک روشن اور ایک دوسرا رخ بھی ہوتا ہے۔ صاف ستھرا پنجاب پروگرام کو اگر صرف صفائی مہم سمجھ لیا جائے تو شاید اس منصوبے کے اصل مقصد، وسعت اور سماجی اثرات کے ساتھ ناانصافی ہوگی کیونکہ یہ منصوبہ محض گلیوں، بازاروں اور محلوں کی صفائی تک محدود نہیں بلکہ ہزاروں بے روزگار نوجوانوں کے لیے امید، عزت، خودداری اور باعزت روزگار کا ذریعہ بھی بن چکا ہے۔ آج ایسے بے شمار نوجوان جو میٹرک، ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم حاصل کرنے کے باوجود مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کے باعث مشکلات کا شکار تھے، اسی پروگرام کے ذریعے اپنے گھروں کے چولہے روشن کر رہے ہیں اور اپنے خاندانوں کی کفالت کر رہے ہیں۔ درحقیقت اس منصوبے کا سب سے بڑا اور قابل تعریف پہلو یہی ہے کہ اس نے محنت اور مزدوری کو عزت بخشی اور نوجوانوں کو یہ احساس دلایا کہ رزق حلال کی کمائی کسی عہدے، منصب یا لباس کی محتاج نہیں ہوتی بلکہ ہر جائز محنت قابل احترام ہے۔ راقم کا تعلق چوآسیدن شاہ جیسے خوبصورت مگر مختلف بنیادی مسائل سے دوچار علاقے سے ہے جہاں عوام طویل عرصے سے صفائی کے بہتر نظام اور شہری سہولیات کی فراہمی کی خواہش رکھتی آئی ہے، یہی وجہ ہے کہ صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے عملے کی سرگرمیوں نے مقامی سطح پر مثبت اثرات مرتب کیے ہیں اور عوام نے گلیوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر صفائی کے بہتر انتظامات کو محسوس بھی کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے اس پروگرام کا آغاز دراصل ایک ایسے وژن کی عکاسی کرتا ہے جس کا مقصد صرف شہروں اور دیہات کی صفائی نہیں بلکہ عام آدمی کو باعزت روزگار فراہم کرنا، شہری ماحول کو بہتر بنانا اور عوامی خدمت کے معیار کو بلند کرنا بھی ہے۔ صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، مشینری کے استعمال کو فروغ دینے، عوامی سہولیات میں اضافہ کرنے اور صفائی کے شعبے کو فعال بنانے کی کوششیں اپنی جگہ اہمیت رکھتی ہیں اور اگر یہ سلسلہ شفافیت اور مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رہے تو اس کے مثبت نتائج مزید نمایاں ہو سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں صفائی کرنے والے مزدوروں، خاکروبوں اور دیگر محنت کش طبقات کو اکثر وہ عزت نہیں دی جاتی جس کے وہ حقیقی معنوں میں مستحق ہوتے ہیں، حالانکہ یہی لوگ شدید گرمی، سخت سردی، بارش، گرد و غبار اور بدبو جیسے مشکل حالات میں بھی اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں تاکہ عوام کو صاف اور صحت مند ماحول میسر آ سکے۔ ترقی یافتہ معاشروں میں صفائی کے شعبے سے وابستہ افراد کو نہایت اہمیت دی جاتی ہے کیونکہ وہاں یہ شعور موجود ہے کہ صفائی کا نظام دراصل صحت عامہ، ماحولیاتی تحفظ اور شہری تہذیب کی بنیاد ہوتا ہے۔ خصوصاً عیدالاضحیٰ کے ایام میں جب قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کو بروقت ٹھکانے لگانا، گلی محلوں کو تعفن اور بدبو سے پاک رکھنا اور بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنا ایک بڑا چیلنج بن جاتا ہے، ایسے مواقع پر صفائی ورکرز اپنی ذاتی خوشیوں کو پس پشت ڈال کر دن رات عوامی خدمت انجام دیتے ہیں۔ چوآسیدن شاہ اور گردونواح میں بھی عید کے دنوں میں صفائی کے عملے نے بھرپور ذمہ داری، جانفشانی اور محنت کا مظاہرہ کرتے ہوئے گلی محلوں اور بازاروں کو صاف رکھنے میں اہم کردار ادا کیا جس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں کیونکہ حقیقت یہی ہے کہ انہی کارکنوں کی انتھک محنت شہروں اور قصبوں کو تعفن، آلودگی اور مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ تاہم کسی بھی حکومتی منصوبے کی کامیابی صرف اعلانات اور تشہیر سے ممکن نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے شفاف نگرانی، مؤثر احتساب اور مستقل بہتری بھی ضروری ہوتی ہے۔ مختلف عوامی حلقوں میں بعض اوقات یہ تحفظات سننے میں آتے ہیں کہ بعض مقامات پر کچرے کے وزن میں اضافے کے لیے مٹی شامل کرنے، ایندھن کے استعمال میں بے ضابطگیوں، حاضری کے معاملات یا صفائی کے آلات کے مکمل استعمال نہ ہونے جیسے مسائل موجود ہو سکتے ہیں۔ اگر ان اطلاعات میں کسی حد تک بھی صداقت موجود ہو تو یقیناً ان کی غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں کیونکہ عوامی وسائل میں خرد برد یا انتظامی بدعنوانی کا نقصان براہ راست عوام اور قومی خزانے کو پہنچتا ہے۔ البتہ یہ بات بھی اتنی ہی اہم ہے کہ کسی الزام کو بغیر ثبوت کے حقیقت قرار دینا انصاف کے اصولوں کے منافی ہے، اس لیے حتمی فیصلہ ہمیشہ شواہد، تحقیقات اور متعلقہ اداروں کی رپورٹس کی بنیاد پر ہی ہونا چاہیے۔ چند افراد کی ممکنہ غلطیوں کی وجہ سے ہزاروں دیانت دار اور محنت کش ورکرز کی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا جو روزانہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے ادا کر رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت پنجاب صفائی کے نظام میں شفافیت کو مزید مضبوط بنائے، جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرائے، ورکرز کو حفاظتی سامان، طبی سہولیات، انشورنس، بونس اور بہتر تربیت فراہم کرے جبکہ عوام بھی صفائی کو صرف حکومتی ذمہ داری سمجھنے کے بجائے اپنی اجتماعی ذمہ داری تصور کریں کیونکہ ایک صاف معاشرہ صرف حکومتی اقدامات سے نہیں بلکہ عوامی شعور، تعاون اور مشترکہ کوششوں سے تشکیل پاتا ہے۔ اگر ہم واقعی اپنے شہروں، قصبوں اور دیہات کو صاف ستھرا دیکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں ان لوگوں کی قدر کرنا ہوگی جو خاموشی سے یہ خدمت انجام دے رہے ہیں۔ حقیقت یہی ہے کہ صفائی ورکرز صرف ملازم نہیں بلکہ معاشرے کے وہ گمنام سپاہی ہیں جو ہماری صحت، ماحول اور روزمرہ زندگی کے تحفظ میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ صاف ستھرا پنجاب پروگرام کی اصل کامیابی صرف صاف سڑکیں، چمکتے بازار اور خوبصورت عوامی مقامات نہیں بلکہ وہ ہزاروں محنت کش ہاتھ ہیں جنہوں نے اپنے پسینے، عزم اور لگن سے اس خواب کو حقیقت کا روپ دیا، اس لیے اگر یہ سوال کیا جائے کہ "صاف ستھرا پنجاب" کا اصل ہیرو کون ہے تو اس کا جواب کسی دفتر، کسی کرسی یا کسی عہدے میں نہیں بلکہ اس مزدور کے ہاتھ میں موجود جھاڑو، اس کے ماتھے کے پسینے اور اس کی خاموش خدمت میں پوشیدہ ہے۔

اسٹرابیری خوش رنگ و خوش ذائقہ، صحت بخش پھل

اسٹرابیری کی اس وقت دنیا بھر میں کم از کم 600 سے زائد اقسام موجود ہیں

اسٹرابیری خوشگوار ترش و میٹھے ذائقے کا حامل وہ مزیدار پھل ہے جسے دنیا بھر میں انتہائی مقبول و پسندیدہ درجہ حاصل ہے۔ اسٹرابیری کی اس وقت دنیا بھر میں کم از کم 600 سے زائد اقسام موجود ہیں جو ساخت، ذائقے و خوشبو کی مناسبت سے ایک دوسرے سے معمولی فرق تو ضرور رکھتی ہیں تاہم آپ ان سب کو چمکتے ہوئے سرخ رنگ کے گودے میں نگینوں کی مانند جڑے ہوئے مہین مہین پیلے رنگ کے دانے دار بیجوں، کنگورے دار سبز پتیوں جو ایک نازک ڈنٹھل کے ساتھ پھل کے سر پہ تاج کی مانند ایستادہ ہونے سے با آسانی شناخت کر سکتے ہیں کہ یہ اسٹرابیری کی نسل سے تعلق رکھنے والی بیری ہی ہے۔ اسٹرابیری کا نباتاتی نام ''فراگاریہ ورجینیا (Fragaria Virginiana)'' اور فراگاریہ چلی لوناٹیسس (Fragaria Chiloensis) ہے۔ یہ وہ پھل ہے جسے دنیا بھر پسندیدہ مقام حاصل ہے۔ غذائی محققین کے مطابق اس پھل کی ابتدائی کاشت اٹھارہویں صدی میں یورپ کے نیم سرد یا معتدل آب و ہوا کے حامل خطوں میں کی گئی تاہم آج یہ پھل پوری دنیا کے کم و بیش سب ہی (بالخصوص معتدل آب و ہوا کے حامل) خطوں میں کاشت کیا جا رہا ہے۔ اگرچہ ایگری کلچرل سائنس کی ترقیاتی فتوحات نے اس پھل کی دستیابی سال کے بارہ مہینوں میں ممکن بنا دی ہے تاہم اس لذیذ و فرحت بخش کی دستیابی کا قدرتی موسم یعنی اس پھل کی فصل کا اصل سیزن سردیوں کے اختتام کے ساتھ شروع ہو جاتا ہے اور فروری سے لے کر جون کے وسط تک دستیاب ہوتا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

حج بہت زیادہ صبر، شکر اور بے مثال توکل کی ایک داستان ہے، اداکارہ درفشاں

حج کے بعد جسم تھکن سے چور ہے، لیکن دل پہلے سے کہیں زیادہ مطمئن اور مسرور ہے

لاہور (یواین پی) پاکستانی اداکارہ درفشاں سلیم نے فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد اپنے خوبصورت احساسات سوشل میڈیا پر شیئر کیے ہیں۔ درفشاں نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنے پیغام کے ساتھ چند تصاویر بھی شیئر کی ہیں۔ درفشاں نے لکھا کہ یہ بہت زیادہ صبر، شکر اور بے مثال توکل کی ایک داستان ہے۔ مجھے بے حد خوشی ہے کہ میں نے یہ سفر اپنی امی اور ابو کے ساتھ کیا۔ ماشا اللہ، ان میں مجھ سے زیادہ ہمت اور طاقت تھی، جب کہ میں رمی کے پہلے ہی دن بیمار ہو گئی تھی۔ درفشاں کے مطابق اس دوران ان کی کچھ شاندار لڑکیوں سے ملاقات ہوئی، ہم نے مل کر دعائیں کیں، روئے، ہنسے اور کیمپ میں کھانا ساتھ کھایا۔ اس دوران ہم نے تقویٰ سے بھرپور بے شمار خوبصورت کہانیاں سنیں اور ہمیں دین کو الفاظ سے زیادہ عمل میں سمجھنے اور سیکھنے کا موقع ملا۔ مکہ مکرمہ میں موجود درفشاں نے لکھا کہ مجھے نہیں

بھارتی اداکار اجیت کمار کی والدہ 89 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں

مونی عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے کچھ عرصے سے صحت کے مسائل سے دوچار تھیں

ممبئی (یواین پی) بھارتی اداکار اجیت کمار کی والدہ 89 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تامل فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے اداکار اجیت کمار کی والدہ مونی کا انتقال ہو گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ مونی عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے کچھ عرصے سے صحت کے مسائل سے دوچار تھیں اور آخری وقت چنئی کے ایک نجی اسپتال میں زیر علاج تھیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکار ملک سے باہر دبئی میں موجود تھے اور والدہ کے انتقال کی خبر سنتے ہی فوری اپنے اہل خانہ کے ساتھ چنئی پہنچے۔ اداکار کی والدہ کے انتقال کی خبر نے تامل فلم انڈسٹری اور اجیت کے مداحوں کو

اداکارہ مومنہ اقبال کی شادی کی تقریبات سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئیں

ہاتھوں پر مہندی اور سونے کی چوڑیوں نے مومنہ اقبال کے برائیڈل لک کو چار چاند لگا دیے

لاہور (یواین پی) پاکستانی اداکارہ مومنہ اقبال کی شادی کی تقریبات سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں اپنی مہندی کی تقریب کی حسین تصاویر شیئر کیں، جو مداحوں میں تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔ مومنہ اقبال نے اپنی مہندی کی تقریب کے لیے سنہری کتان سلک لہنگے کا انتخاب کیا، جس پر نفیس ٹون آن ٹون کڑھائی کی گئی تھی، دوسری جانب ان کے دولہا حمزہ حبیب نے سنہری کام سے مزین سیاہ شیروانی زیب تن کی، جوڑے نے رنگ برنگی کشیدہ کاری والی روایتی شال کے ساتھ تصاویر بنوا کر اپنی خوبصورت جوڑی کو مزید نمایاں کیا۔ اداکارہ نے تصاویر شیئر کرتے ہوئے اپنے دولہا کے نام محبت بھرا پیغام بھی لکھا کہ میرے حمزہ جنہیں مداحوں نے بے حد پسند کیا۔ مہندی کی تقریب میں مومنہ نے رسٹ رنگ کا خوبصورت لہنگا چولی پہنا، جس پر سنہری زردوزی اور تلہ

مادھوری ڈکشت ایشوریا رائے کے دفاع میں آ گئیں

ممبئی (یواین پی) بولی وڈ کی معروف اداکارہ مادھوری ڈکشت کانز فلم فیسٹیول میں ایشوریا رائے پر ہونے والی تنقید کے خلاف میدان میں آ گئیں۔ رپورٹس کے مطابق مادھوری ڈکشت نے اپنی فلم دیوداس کی شریک اداکارہ ایشوریا رائے کی حمایت میں آواز اٹھائی جنہیں کانز فلم فیسٹیول کے ریڈ کارپیٹ پر ان کی ظاہری شکل و صورت کی وجہ سے تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایشوریا رائے گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے کانز میں شرکت کر رہی ہیں، لیکن 2026 کے ریڈ کارپیٹ سے ان کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد آن

سوریا ونشی اتنے شاندار کرکٹر نہ ہوتے تو انہیں فلم ''معصوم'' میں کاسٹ کر لیتا

سوریا ونشی نے 14 سال کی عمر میں آئی پی ایل میں ڈیبیو کر کے تاریخ کے کم عمر کھلاڑی ہونے کا ریکارڈ

ممبئی (یواین پی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے حالیہ سیزن میں قابلِ ذکر پرفارمنس دینے والے 15 سالہ نوجوان کرکٹر ویبھو سوریا ونشی نے اپنی شاندار بیٹنگ سے سب کو حیران کر دیا۔ انہوں نے ٹورنامنٹ کے 16 میچز میں 776 رنز بنائے، جس کے بعد انہیں بھارتی کرکٹ ٹیم میں شامل کرنے کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ اب بالی ووڈ کے معروف فلم ساز شیکھر کپور نے بھی اس نوجوان کے ٹیلنٹ کی تعریف کی ہے۔ شیکھر کپور نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابق ٹوئٹر) پر لکھا، اگر سوریا ونشی اتنے شاندار کرکٹر نہ ہوتے، تو میں

بچپن میں اداکار عمران خان میرا کرش تھے، بھومی پڈنیکر

ایک دہائی تک اداکاری سے دور رہنے کے بعد عمران خان فلم ''ادھورے ہم''

ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ اداکارہ بھومی پڈنیکر نے انکشاف کیا ہے کہ بچپن میں عمران خان کو بہت پسند کرتی تھی، وہ میرے کرش تھے۔ یاد رہے کہ بالی ووڈ میں ایک وقت ایسا بھی تھا جب رومانی کامیڈی فلمیں انڈسٹری کی سب سے بڑی طاقت تھی۔ دلکش اداکار، حقیقت سے قریب محبت کی کہانیاں اور جذباتی گرم جوشی سے بھرپور فلمیں 2000 کی دہائی کے آخر اور 2010 کی دہائی کے آغاز میں شائقین کی پہلی پسند تھیں۔ اس دور کے نمایاں ستاروں میں عمران خان کا نام سرفہرست تھا، جن کی سادہ، پرکشش اور نیکسٹ ڈور بوائے جیسی شخصیت نے انہیں رومانی ہیروز کی صف اول میں لا کھڑا کیا تھا۔ ایک دہائی تک اداکاری سے دور رہنے کے بعد عمران خان نیٹ فلکس کی آنے والی فلم ادھورے ہم، ادھورے تم کے ذریعے اپنی کم بیک

گلوکارہ دعا لیپا اور اداکار کالم ٹرنر شادی کے بندھن میں بندھ گئے

لندن (یواین پی) گلوکارہ دعا لیپا اور اداکار کالم ٹرنر شادی کے بندھن میں بندھ گئے۔ دعا لیپا اور اداکار کالم ٹرنر نے لندن میں ایک تقریب میں باضابطہ طور پر شادی کر لی ہے، ایک نجی قانونی تقریب میں صرف قریبی دوستوں اور خاندان کے افراد نے شرکت کی۔ رپورٹس کے مطابق دونوں آنے والے دنوں میں سسلی میں ایک بڑی تقریب کی میزبانی کر سکتے ہیں، جس میں انڈسٹری کے دوستوں کی شرکت متوقع ہے۔ شادی اس جوڑے کے لیے ایک نئے باب کی نشاندہی کرتی ہے، جنہوں نے بالترتیب موسیقی اور فلم میں کامیاب کیریئر بنانے کے لیے

اداکارہ دنانیر مبین ایک بار پھر سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گئی

دنانیر مبین پاوری ہو رہی ہے کی ویڈیو کے ذریعے شہرت کی بلندیوں تک پہنچیں

لاہور (یواین پی) پاکستانی اداکارہ اور سوشل میڈیا اسٹار دنانیر مبین ایک بار پھر سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گئی ہیں، تاہم اس بار وجہ ان کی اداکاری نہیں بلکہ گلوکاری ہے۔ دنانیر مبین پاوری ہو رہی ہے کی ویڈیو کے ذریعے شہرت کی بلندیوں تک پہنچیں اور بعد ازاں کئی کامیاب ڈراموں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران بالی ووڈ کے مقبول گانے سیارا کو گنگناتی نظر آئیں۔ یہ گانا فلم سیارا کی کامیابی کے بعد دنیا بھر میں مقبول ہوا تھا اور سوشل میڈیا پر بھی کافی وائرل رہا، تاہم دنانیر کی جانب سے گانا گانے کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1
افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر معروف فلم ہدایتکار سنگیتا، سینئر اداکار غلام محی الدین، معمر رانا، میراجی، راحیلہ آغا، پرویز کلیم، شہزاد رفیق، صفدر ملک، سعود بٹ اور دیگر نمایاں شخصیات بھی موجود تھیں۔عظمٰی بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت فلم سٹی میں فلم سازوں اور فنکاروں کو تمام جدید سہولیات فراہم کرے گی تاکہ مقامی فلم انڈسٹری کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ترقی دی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ فلم فنڈز کے اجراء کے بعد نئی فلموں کی تیاری اور ریلیز کا عمل مزید تیز ہوگا، جس سے فلمی صنعت کو نئی زندگی ملے گی۔انہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ چند روز میں پنجاب کے تمام آرٹ کونسلز میں سینما ہالز کے قیام کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائے گا، جس سے عوام کو معیاری فلمیں دیکھنے کے مزید مواقع میسر آئیں گے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ اچھی اور معیاری فلمیں معاشرے کی مثبت عکاسی کرتی ہیں اور کسی ایک طبقے تک محدود نہیں ہونی چاہئیں۔فلم دراصل کسی بھی قوم کے کلچر اور تہذیب کا آئینہ ہوتی ہے اور اس کے ذریعے معاشرتی رویوں میں مثبت تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب ہم معیاری ڈرامے بنا سکتے ہیں تو بہترین فلمیں بھی بنا سکتے ہیں، ضرورت صرف اچھے موضوعات اور مضبوط سکرپٹس کی ہے۔عظمٰی بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے فلم انڈسٹری کی بحالی کے لیے پہلا اہم قدم اٹھالیا ہے، اب فلم انڈسٹری کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے معیاری اور بامقصد فلمیں تخلیق کرے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان فلم سازوں، لکھاریوں اور فنکاروں کو بھی آگے بڑھنے اور اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا کو یہ پیغام دینا ضروری ہے کہ پاکستان کی فلم انڈسٹری زندہ ہے اور ترقی کی صلاحیت رکھتی ہے۔نوجوان نسل کو دوبارہ سینما گھروں کی طرف راغب کرنے کے لیے معیاری، دلچسپ اور معاشرتی اقدار کی عکاس فلموں کی تیاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔تقریب کے اختتام پر عظمٰی بخاری نے فلم "کمبو" کی ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ پاکستانی سینما کو مستقبل میں مزید معیاری فلمیں دیکھنے کو ملیں گی اور فلمی صنعت ترقی کی نئی منازل طے کرے۔

بقیہ 2
ری کر دی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا ایک نیا سلسلہ 02 جون کو ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے جو 05 جون تک برقرار رہے گا۔اس موسمی نظام کے زیر اثر مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش، تیز ہوائیں اور بعض مقامات پر موسلا دھار بارش کے ساتھ ژالہ باری بھی متوقع ہے۔ اسلام آباد، راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال اور جہلم میں کہیں کہیں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ بعض مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری بھی ہوسکتی ہے۔آزاد کشمیر کے علاقوں وادی نیلم، مظفر آباد، راولاکوٹ، پونچھ، ہٹیاں بالا، باغ، حویلی، سدھنوتی، کوٹلی، بھمبر اور میرپور میں بھی 02 سے 05 جون کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کی توقع ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق چند مقامات پر شدید بارش اور ژالہ باری کے امکانات بھی موجود ہیں۔گلگت بلتستان کے اضلاع دیامر، استور، غذر، سکردو، ہنزہ، گلگت، گھانچے اور شگر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔خیبرپختونخوا کے بالائی اور وسطی اضلاع میں بھی بارشوں کا سلسلہ متوقع ہے۔بعض علاقوں میں موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ تیز ہواؤں، ژالہ باری اور آسمانی بجلی گرنے کے باعث کمزور تعمیرات، سولر پینلز، بجلی کے کھمبوں، سائن بورڈز اور بل بورڈز کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔اسی طرح 03 سے 06 جون کے دوران گلگت بلتستان، کشمیر اور بالائی خیبر پختونخوا کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات بھی موجود ہیں جس سے بعض رابطہ سڑکیں متاثر ہوسکتی ہیں۔کاشتکاروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ موسمی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی فصلوں اور زرعی سرگرمیوں کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کریں جبکہ سیاحوں اور مسافروں کو پہاڑی علاقوں کے سفر کے دوران خصوصی احتیاط برتنے اور غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔محکمہ موسمیات نے تمام ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اداروں اور متعلقہ محکموں کو الرٹ رہنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت جاری کی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق شہری تازہ ترین موسمی صورتحال اور پیشگوئیوں سے آگاہی کے لیے ادارے کی ویب سائٹ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

بقیہ 3
خدمات فراہم کیں۔ادارے کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ کارکردگی رپورٹ کے مطابق ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت اور تیز رفتار رسپانس کے ذریعے متعدد قیمتی جانوں کو بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔رپورٹ کے مطابق متاثرہ افراد میں سے 1630 شہریوں کو جائے وقوعہ پر فوری ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، جبکہ 1481 مریضوں کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے مری کے مختلف سرکاری و نجی ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔مختلف حادثات اور ایمرجنسیز کے دوران 29 افراد موقع پر جاں بحق ہوئے، جبکہ پنجاب میت منتقلی سروس کے تحت 11 میتوں کو ہسپتالوں سے ان کے آبائی گھروں تک باعزت طریقے سے منتقل کیا گیا۔اعداد و شمار کے مطابق ماہ مئی کے دوران سب سے زیادہ 2428 میڈیکل ایمرجنسیز رپورٹ ہوئیں، جو مجموعی ایمرجنسیز کا بڑا حصہ تھیں۔اس کے علاوہ 158 روڈ ٹریفک حادثات، 290 مختلف نوعیت کے ریسکیو آپریشنز، 15 آتشزدگی کے واقعات، ایک ڈوبنے کا واقعہ، 10 لڑائی جھگڑے کے واقعات اور 222 افراد کے بلندی سے گرنے کے حادثات ریکارڈ کیے گئے۔ریسکیو حکام کے مطابق سیاحتی مقام ہونے کے باعث مری میں سال بھر بڑی تعداد میں مقامی اور غیر ملکی سیاحوں کی آمد جاری رہتی ہے، جس کے پیش نظر ایمرجنسی سروسز کو ہمہ وقت الرٹ رکھا جاتا ہے تاکہ کسی بھی ناگہانی صورتحال میں فوری امداد فراہم کی جاسکے۔خصوصاً ٹریفک حادثات، طبی ایمرجنسیز اور بلندی سے گرنے کے واقعات میں بروقت رسپانس کے باعث متعدد قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا گیا۔دریں اثنا، ریسکیو 1122 مری کی پیشنٹ ٹرانسفر سروس نے بھی نمایاں خدمات انجام دیں۔اس سروس کے ذریعے ضلع مری اور تحصیل کوٹلی ستیاں کے مختلف ہسپتالوں سے 259 انتہائی تشویشناک مریضوں کو راولپنڈی اور اسلام آباد کے تخصصی اور جدید طبی سہولیات سے آراستہ ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا تاکہ انہیں بروقت اور معیاری طبی علاج میسر آ سکے۔ریسکیو 1122 مری کے حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ حادثات سے بچاؤ کے لیے ٹریفک قوانین پر عمل کریں، سیاحتی مقامات پر احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی صورت میں فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 1122 پر رابطہ کریں تاکہ بروقت امدادی کارروائی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 4
لیمانی امور طارق فضل چوہدری نے اسلام آباد ہوائی اڈے پر حجاج کرام کا استقبال کیا اور انہیں فریضہ حج کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امسال قریبا ایک لاکھ 80 ہزار پاکستانیوں نے حج کی سعادت حاصل کی، جن میں ایک لاکھ 20 ہزار عازمین سرکاری حج سکیم کے تحت سعودی عرب گئے۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ حجاج کرام نے حج 2026 کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کو ہر ممکن سہولت فراہم کی۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے وفاقی وزیر مذہبی امور اور ان کی ٹیم کو حج کے بہترین انتظامات پر مبارکباد بھی پیش کی۔

بقیہ 5
عث آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ کاروباری برادری اور عوام کے لیے مزید مشکلات کا سبب بن سکتا ہے، مطالبہ ہے کہ ایف بی آر اپنی جارحانہ طرز عمل پر نظر ثانی کرے اور ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے پر توجہ مرکوز کرے۔اپنے بیان میں مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ یہ واضح اشارے مل رہے ہیں کہ آئی ایم ایف کے دباؤ پر حکومت آئندہ مالی سال کے لیے انتہائی مشکل بجٹ پیش کرنے جا رہی ہے۔ ہر طرح کی مہم جوئی کے باوجود محصولات کے ہدف میں شارٹ فال لمحہ فکریہ ہے، اس لیے مطالبہ ہے کہ اب ایف بی آر جارحانہ رویہ تبدیل کرنے کی پالیسی اپنائے۔انہوں نے کہا کہ ابھی تک ایسی کوئی بات سامنے نہیں آئی جس سے یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ صنعتوں، چھوٹے کاروباروں یا عام عوام کو بجٹ میں کسی قسم کا ریلیف ملنے جا رہا ہے، جس کی وجہ سے ہر طبقے میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے ڈیڑھ سے دو ارب ڈالر ملنے پر بغلیں بجانے کی بجائے خود انحصاری کی منزل کی جانب پیشرفت کی جائے کیونکہ معیشت کے سکڑنے کی رفتار حد سے زیادہ تیز ہو رہی ہے۔مدثر مسعود چوہدری نے کہا کہ اگر جی ایس ٹی کو 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کیا گیا تو اس سے مہنگائی کا نیا طوفان آئے گا جبکہ ملک میں پہلے ہی عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے۔ بجٹ میں ٹیکسوں کا مزید بوجھ بڑھانے کے بجائے ٹیکس نیٹ میں اضافہ کیا جائے تاکہ پہلے سے ٹیکس ادا کرنے والے طبقات پر غیر منصفانہ بوجھ کم ہو سکے۔

بقیہ 6
اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور سمیت تمام بڑوں شہروں میں لین اور لائن کی پابندی ضروری قرار دیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فیصل آباد، گجرات، گوجرانوالہ، راولپنڈی، ملتان میں اربوں روپے کے ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر اور بس اسٹاپس بنانے کی منظوری بھی دے رکھی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں عوام کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے لئے ماس ٹرانزٹ منصوبوں پر بھی کام جاری ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور سمیت پنجاب کے بڑے شہروں میں جدید ٹریفک سسٹم رائج کرنے کا حکم دیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام نئی بننے والی روڈز پر سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کو لازمی قرار دیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں روڈز انفراسٹرکچر کی بہتری اور جدید ٹرانسپورٹ کیلئے اربوں روپے کے میگا منصوبے شروع کیے ہیں۔ صوبے بھر میں 30,000 کلومیٹر سے زائد سڑکوں کی تعمیر ومرمت کی جا چکی ہے۔سیاحوں اور مقامی افراد کی سہولت کے لیے ریسٹوریشن آف روڈز پروگرام کے تحت مری کی اہم شاہراہوں کی بحالی مکمل کی گئی ہے۔

بقیہ 7
یم نواز شریف نے کہا کہ والدین کے احترام، حقوق اور ذمہ داریوں کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کیلئے دن عالمی سطح پر منایا جاتا ہے۔دنیا کی سب سے بڑی نعمت والدین ہیں۔والدین کی محبت، دعائیں اور رہنمائی بچوں کے لیے سب سے قیمتی اثاثہ ہوتی ہے۔زندگی میں ہر کامیابی اپنے والدین کی بدولت حاصل کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ میری والدہ اور والد قائد محمد نواز شریف نے ہمیشہ غریب اور نادار افراد کی خدمت کی تلقین کی۔چیف منسٹر پنجاب کا عہد سنبھالا تو میرے والد محمد نواز شریف نے سب سے زیادہ حوصلہ افزائی کی۔

بقیہ 8
منسٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے جامعہ خاتم النبیین (قرآن بورڈ) سے تین اعلیٰ سطحی ''اتحاد بین المسلمین'' ''امن وفود'' کو باقاعدہ طور پر رخصت کیا، جن میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے 70 سے زائد علماء کرام شامل ہیں تاکہ تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں مشترکہ امن وسکیورٹی اجلاس منعقد کیے جاسکیں۔اس موقع پر ڈاکٹر احسان بھٹہ نے اس بات پر زور دیا کہ محرم الحرام سے قبل کے یہ دورے 'دورہ علما کرام برائے محرم 2026'' کی پالیسی کا حصہ ہیں جس کا مقصد فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دینا، بین المذاہب رواداری قائم کرنا اور صوبائی امن کو سبوتاژ کرنے والے شرپسند عناصر کو ناکام بنانا ہے۔ان وفود میں گروپ ون کی قیادت مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد (جو ساہیوال، ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان کا دورہ کر رہے ہیں)، گروپ ٹو کی قیادت مولانا مختار احمد ندیم (جو فیصل آباد اور سرگودھا کا دورہ کر رہے ہیں) اور گروپ تھری کی قیادت ڈاکٹر مفتی انتخاب احمد نوری (جو گوجرانوالہ اور راولپنڈی کا دورہ کر رہے ہیں) کر رہے ہیں، جو متحرک کیے گئے ڈویژنل کمشنرز، آر پی اوز، ڈی سیز اور ڈی پی اوز کے ساتھ مل کر تقریباً 200 علاقائی علما کرام کو ان اجلاسوں میں شریک کریں گے۔اس الوداعی تقریب میں جس میں ڈائریکٹر جنرل (مذہبی امور) حافظ انیس الرحمٰن، ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز، ایڈیشنل سیکریٹری محکمہ داخلہ عبدالرؤف، محکمہ داخلہ کے نمائندے ڈاکٹر احمد خاور شہزاد اور ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن شاکر سندھو نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے ضلعی انتظامیہ کی مکمل لاجسٹک تیاریوں کا اعادہ کیا اور واضح کیا کہ سخت انتظامی نگرانی اور باہمی تعاون کے ذریعے پرامن ماحول کو یقینی بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ داخلہ عبدالرف نے وفود کے لیے فول پروف سکیورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔علماء کرام کے مشترکہ عزم کو اجاگر کرتے ہوئے مولانا مختار احمد ندیم اور مفتی انتخاب احمد نوری نے عہد کیا کہ یہ وفود دورے کے دوران اختلافات کو ختم کرنے، رواداری کو فروغ دینے اور فرقہ وارانہ انتشار کے خلاف ایک متحدہ محاذ قائم کرنے کے لیے سرگرم کردار ادا کریں گے تاکہ مقدس مہینے کے دوران پورے صوبے میں مثالی امن و امان برقرار رہے۔

بقیہ 9
یہ بھی دیا گیا ہے۔ڈائریکٹر کالجز کے مطابق رواں مالی سال کے دوران بنیادی سہولیات کی فراہمی مکمل کی جائے گی۔ڈائریکٹر کالجز احسن مختار نے کالجز میں سہولیات بہتر بنانے کا اعلان کیا، اگلے مرحلے میں کالجز کی کمپیوٹر لیبز اپ گریڈ کی جائیں گی جبکہ تعلیمی ماحول بہتر بنانے کیلئے کالجز کے انفراسٹرکچر کی بہتری پر فوکس بھی کیا جائے گا۔لاہور کے سرکاری کالجز میں طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات دینے کیلئے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔

بقیہ 10
نچواں حصہ بنتا ہے۔ یہ اب محض معاشی حساب کتاب کا مسئلہ نہیں رہا بلکہ ایک نفسیاتی صدمہ بن چکا ہے۔لوگ جب بھی پیٹرول بھروانے جاتے ہیں اور میٹر پر بڑھتے ہوئے ہندسے دیکھتے ہیں: دو سو، تین سو، چار سو ... تو ان کے بلڈ پریشر میں بھی اسی رفتار سے اضافہ ہونے لگتا ہے۔اسی پس منظر میں صرف پچاس لاکھ آبادی والے اس ملک میں، کسی نمایاں سرکاری سبسڈی کے بغیر، بڑی تعداد میں صارفین نے الیکٹرک گاڑیوں کی جانب رخ کرنا شروع کر دیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ کئی گاڑیاں ابھی بندرگاہوں تک بھی نہیں پہنچیں، سمندر میں سفر کر رہی ہیں، لیکن ان کی پیشگی بکنگ مکمل ہو چکی ہے۔اس رجحان میں سب سے نمایاں نام ٹیسلا کا نہیں، بلکہ "بی وائی ڈی" کا ہے۔بظاہر یہ تبدیلی صرف بلند ایندھن قیمتوں کا نتیجہ محسوس ہوتی ہے، مگر حقیقت میں یہ صارفین کے طرز فکر میں ایک خاموش انقلاب کی نشاندہی کرتی ہے۔ جب پیٹرول بھرانا روزمرہ اخراجات کے بجائے ذہنی دباؤ؟ کا سبب بن جائے تو الیکٹرک گاڑی ماحولیاتی انتخاب سے بڑھ کر عملی ضرورت بن جاتی ہے۔نیوزی لینڈ کے ایک گاڑی مالک کے مطابق روایتی ایندھن سے چلنے والی گاڑی پر سالانہ تقریباً 3000 نیوزی لینڈ ڈالر خرچ ہوتے ہیں، جبکہ بی وائی ڈی جیسی الیکٹرک گاڑی کے ساتھ یہ لاگت تقریباً 700 نیوزی لینڈ ڈالر رہ جاتی ہے۔ بچنے والی رقم ایک خاندان کی آسٹریلیا میں تعطیلات کے لیے کافی ہو سکتی ہے۔اس کے علاوہ دیکھ بھال کے وہ تمام مسائل بھی ختم ہو جاتے ہیں جو روایتی گاڑیوں کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں، جیسے انجن آئل، ٹائروں کی تبدیلی اور گیئر باکس کی مرمت وغیرہ۔مغربی، جاپانی اور جنوبی کوریائی کار ساز اداروں کے لیے اصل چیلنج صرف قیمت نہیں بلکہ بی وائی ڈی اور دیگر چینی الیکٹرک گاڑیوں کی مجموعی قدر اور کارکردگی ہے۔جب بی وائی ڈی سیل نیوزی لینڈ میں سال کی سب سے زیادہ فروخت ہونے والی گاڑی بن گئی تو بہت سے صارفین کو پہلی بار احساس ہوا کہ گاڑی محض خرچ کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک ایسی ٹیکنالوجی بھی ہوسکتی ہے جو اخراجات کم کرے اور روزمرہ زندگی کو زیادہ آسان بنائے۔یہ شعور علاقائی جغرافیائی تنازعات کے ساتھ مزید مضبوط ہوا ہے۔2026 کے آغاز میں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف فوجی کارروائیوں میں شدت آنے کے بعد آبنائے ہرمز کی بحری نقل وحمل شدید متاثر ہوئی، جبکہ برینٹ خام تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی۔اس بحران کے اثرات انتہائی دور رس ثابت ہوئے اور عالمی توانائی کے ڈھانچے پر اس کے گہرے اثرات مرتب ہوئے۔جب مختلف ممالک کے حکام یہ شکوہ کر رہے تھے کہ "تیل کی قیمتیں معیشت کو یرغمال بنا رہی ہیں"، اسی دوران چین کی نیو انرجی گاڑیوں کے بیرون ملک آرڈرز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا تھا۔صرف گاڑیاں ہی نہیں، چین نے آج دنیا کا سب سے بڑا اور مکمل نیو انرجی انڈسٹری سسٹم کھڑا کر دیا ہے، جو دنیا کو تقریباً 80 فیصد شمسی پینلز، 70 فیصد سے زیادہ ونڈ ٹربائنز، 85 فیصد لیتھیم آئن بیٹریاں اور 70 فیصد سے زیادہ الیکٹرک گاڑیاں فراہم کرتا ہے۔ دنیا اب یہ تسلیم کر رہی ہے کہ یہ انڈسٹری سسٹم کسی بھی ملک کے لیے "توانائی کی اسٹریٹجک پناہ گاہ" کا سب سے بھروسہ مند حل ہے۔جب امریکہ ابھی بھی شیل آئل کی خوش فہمی میں "توانائی کی بالادستی" کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور یورپ توانائی کی منتقلی کے درد سر میں الجھا ہوا ہے، اس وقت 2025 میں چین میں ہوا اور شمسی توانائی کی نصب شدہ صلاحیت تاریخی طور پر تھرمل پاور سے تجاوز کر چکی تھی۔دنیا میں چلنے والی ہر تین برقی گاڑیوں میں سے دو چینی بیٹریوں سے لیس ہیں۔نیوزی لینڈ کی سڑکوں پر نظر آنے والی تبدیلی بھی خاصی علامتی حیثیت رکھتی ہے۔جب بی وائی ڈی کے صارفین نے گاڑیوں سے بیرونی بجلی فراہم کرنے کی صلاحیت استعمال کرتے ہوئے ساحل سمندر پر تقریبات منعقد کیں اور لوگوں نے محسوس کیا کہ اب انہیں پیٹرول پمپ پر جا کر ذہنی اذیت برداشت نہیں کرنا پڑے گی، اس سے صارفین کے اعتماد کا سلسلہ تیزی سے بڑھنے لگا۔اس طرح زبانی تشہیر نے اشتہارات سے زیادہ مو؟ثر کردار ادا کیا۔"میڈ ان چائنا" مصنوعات اب سستی اشیا کا مترادف نہیں رہیں بلکہ عالمی نیو انرجی انڈسٹری کی قائد، عالمی انفراسٹرکچر کی طاقتور ترین فراہم کنندہ اور سمجھدار صارفین کے لیے ایک معقول انتخاب کی علامت بن چکی ہیں۔مجبوری میں اخراجات کم کرنے سے لے کر رضا کارانہ طور پر پسند کیے جانے تک، اور گاڑیوں کے معیار پر شک سے لے کر آنکھ بند کر کے بکنگ تک، 50 لاکھ آبادی والے اس جزیرہ نما ملک میں آنے والی یہ صارفین کی تبدیلی دراصل عالمی صنعتی نظام کی ازسرنو تشکیل کا ایک عکس ہے۔جب مغربی ممالک ابھی تک اس بحث میں مصروف ہیں کہ پیٹرول سے چلنے والی گاڑیوں پر پابندی لگائی جائے یا نہیں، مارکیٹ پہلے ہی اپنے بٹوے کے ذریعے فیصلہ سنا چکی ہے۔ 2026 میں بی وائی ڈی نے اپنی برآمدات کا ہدف بڑھا کر 15 لاکھ گاڑیاں کر دیا ہے۔یہ محض ایک تجارتی ہدف نہیں بلکہ پرانے دور پر ایک نرم طنز ہے۔آخر کون ایسی چینی نیو انرجی گاڑی کو رد کر سکتا ہے جو نہ صرف تیل کی قیمتوں کے بوجھ سے بچائے، جغرافیائی سیاسی تنازعات سے پیدا ہونے والی توانائی کی بے چینی کو کم کرے بلکہ پانی میں کشتی کی طرح سفر کرنے اور رقص کرنے جیسی صلاحیتیں بھی رکھتی ہو؟ اور ہاں، ایک اور زاویے سے دیکھا جائے تو جب گاڑیوں کو ایندھن کی ضرورت ہی نہ رہے، تو پیٹرو ڈالر کے سہارے قائم بالادستی کی فصیلیں بھی آبنائے ہرمز میں بھڑکتی آگ کے ساتھ تیزی سے بکھرنے لگتی ہیں۔

بقیہ 11
نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ملکی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔تقریب میں رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان، پارلیمانی سیکرٹری صحت اسماء عباسی، رکن صوبائی اسمبلی زیب النساء اعوان، لبنیٰ ریحان پیرزادہ، میڈم تحسین فواد سمیت پاکستان مسلم لیگ (ن) راولپنڈی کی خواتین کارکنان اور عہدیداران کی بڑی تعداد موجود تھی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہری باب ہے، جب پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے قومی مفاد اور ملکی سلامتی کو مقدم رکھتے ہوئے عالمی دباؤ اور اقتصادی پابندیوں کی دھمکیوں کے باوجود ایٹمی دھماکوں کا فیصلہ کیا۔اس تاریخی اقدام نے نہ صرف پاکستان کے دفاع کو ناقابلِ تسخیر بنایا بلکہ خطے میں طاقت کا توازن بھی قائم کیا۔مقررین کا کہنا تھا کہ 28 مئی 1998ء کا دن قومی غیرت، خودداری، جرات اور خودمختاری کی علامت کے طور پر ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ قائد میاں محمد نواز شریف نے قومی مفاد پر کوئی سمجھوتہ کیے بغیر پاکستان کو اسلامی دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بنانے کا اعزاز حاصل کیا، جس پر پوری قوم انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے۔خواتین رہنماؤں نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی دفاعی صلاحیت کے پیچھے ہمارے محسن سائنسدانوں، انجینئرز، مسلح افواج اور قومی قیادت کی بے مثال خدمات شامل ہیں۔آج کا دن ان تمام قومی ہیروز کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے وطن عزیز کے دفاع کو مضبوط اور ناقابلِ شکست بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔مقررین نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی اتحاد، یکجہتی اور ریاستی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کا راستہ قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور مضبوط معیشت سے ہو کر گزرتا ہے، اور مسلم لیگ (ن) ملک کی تعمیر وترقی کے اس سفر کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی جبکہ افواج پاکستان، شہداء وطن اور ملکی دفاع کو ناقابلِ تسخیر بنانے والے سائنسدانوں کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔شرکاء نے قومی یکجہتی، ملکی سلامتی اور پاکستان کی تعمیر وترقی کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔

بقیہ 12
مطابق ان دنوں گرمیوں کی تعطیلات کے باعث سکول بند ہے، جس کی وجہ سے وہاں عملے اور طلبہ کی آمد ورفت بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ایسی صورتحال میں سکول کے اندر موجود فرنیچر، ریکارڈ اور دیگر قیمتی سامان کے چوری ہونے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ دیوار گرنے کے بعد سکول کا احاطہ کھلا پڑا ہے، جس سے جرائم پیشہ عناصر، نشئی افراد اور آوارہ جانوروں کی آمد ورفت کا بھی خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو سکول کی عمارت اور سامان کو مزید نقصان پہنچ سکتا ہے۔شہریوں اور والدین نے محکمہ تعلیم اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سکول کی بیرونی دیوار کی فوری تعمیر ومرمت کرائی جائے اور عارضی حفاظتی انتظامات بھی کیے جائیں تاکہ سرکاری املاک کو نقصان سے بچایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ نئے تعلیمی سیشن کے آغاز سے قبل دیوار کی تعمیر ناگزیر ہے تاکہ طالبات کو محفوظ اور بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 13
مزید فروغ دینے کے جاپان کے منصوبوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ان کا کہنا تھا کہ جاپان کی جارحانہ "دوبارہ عسکریت پسندی" اور خطے سے باہر کی فوجی تنظیموں کے ساتھ متواتر تبادلے جاپانی آئین، بین الاقوامی قانون، جاپان کے ملکی ضوابط اور "صرف دفاع" کے اصول کی خلاف ورزی ہیں، جو دوسری جنگ عظیم کے بعد کے بین الاقوامی نظم ونسق کو چیلنج کرتے ہیں اور جاپان کے اس دعوے کے بھی منافی ہیں کہ وہ ایک "امن پسند ملک" ہے۔لین جیئن نے کہا کہ جاپانی عسکریت پسندی نے دوسری جنگ عظیم کے دوران گھناؤ؟ نے جرائم کا ارتکاب کیا، جس سے جاپان کے ایشیائی ہمسایہ ممالک کو شدید مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔جاپان کے حالیہ غلط بیانات اور اقدامات سے علاقائی امن و استحکام کو خطرہ لاحق ہے۔ عالمی برادری کو انتہائی چوکس رہتے ہوئے "نئی قسم کی عسکریت پسندی" کو پرعزم طریقے سے روکنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔

بقیہ 14
ملک کی معاشی صورتحال اور وفاق وصوبوں کے درمیان ترقیاتی فنڈز کے عدم توازن پر کھل کر بات کی اور انکشاف کیا ہے کہ مالی سال 2018ء کے بعد سے ملک میں وفاقی ترقیاتی منصوبوں کے لیے وسائل میں مسلسل کمی واقع ہو رہی ہے، ترقیاتی بجٹ کے حوالے سے اب صوبے امیر ہو گئے ہیں کیونکہ صوبوں کا اپنا ترقیاتی بجٹ بڑھا ہے۔احسن اقبال نے ملک میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور ان کے لیے درکار فنڈز کے حوالے سے تشویشناک اعداد وشمار سامنے رکھے اور بتایا کہ پاکستان میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے رقم اس حد تک کم ہو چکی ہے کہ سرمایہ کاری جی ڈی پی کے 2.6 فیصد سے کم ہو کر محض 0.6 فیصد پر آ گئی ہے، اس وقت 5 ہزار ارب روپے کے منصوبوں کے پی سی ون پر کام چل رہا ہے، ان تمام ترقیاتی منصوبوں کو مکمل کرنے کے لیے مجموعی طور پر 10 ہزار ارب روپے درکار ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ آئندہ مالی سال کے لیے مختلف وزارتوں نے ترقیاتی منصوبوں کی مد میں 3 ہزار ارب روپے مانگے تھے، تاہم وفاقی ترقیاتی پروگرام اب بھی مالی سال 2018ء کی سطح یعنی صرف ایک ہزار ارب روپے پر کھڑا ہے، اس کٹوتی کے باعث اب صرف مخصوص اور منتخب منصوبوں پر ہی کام کیا جا سکے گا، وزیراعظم کی خصوصی ہدایات پر بلوچستان کی اہم این 25 شاہراہ کے لیے 125 ارب روپے رکھے گئے ہیں، اس خطیر رقم کی منہائی کے بعد وفاقی ترقیاتی پروگرام کا حجم صرف 875 ارب روپے رہ جاتا ہے۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ بلوچستان کے دیگر منصوبوں کے لیے الگ سے 100 ارب روپے مختص ہیں، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور فاٹا کے ضم شدہ اضلاع کے لیے مجموعی طور پر 150 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، آئندہ مالی سال کے لیے 720 ارب روپے کے نئے ترقیاتی منصوبوں کی تجویز بھی دی گئی ہے۔

بقیہ 15
ترجمان لین جیئن نے یومیہ پریس کانفرنس میں کہا کہ چین اور افریقہ اچھے بھائی ہیں جو ہر دکھ سکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو میں ایبولا کی وبا کے پھیلاؤ؟ پر چین کو گہری تشویش ہے اور وہ متاثرہ عوام کے دکھ درد کو محسوس کرتا ہے۔چین نے ہنگامی انسانی امداد فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور طبی ماہرین کی ٹیم کو طبی خدمات اور امداد فراہم کرنے کے لیے کانگو روانہ کر دیا ہے۔اس کے علاوہ، چین افریقی یونین کمیشن کو امداد فراہم کریگا اور بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے لیے افریقہ کے مراکز کی کوششوں میں مدد دے گا۔ اگلے مرحلے میں چین ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو جیسے افریقی ممالک کے ساتھ ساتھ عالمی ادارہ صحت، افریقی یونین اور دیگر تنظیموں کے ساتھ قریبی رابطے کو برقرار رکھے گا، اور وبائی امراض کی صورتحال اور افریقی ممالک کی ضرورت کے مطابق اپنی صلاحیت پر مبنی مدد فراہم کرتا رہے گا۔

بقیہ 16
کے ڈپٹی کمشنرز، متعلقہ محکموں کے افسران اور منصوبہ جات سے وابستہ نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے دوران مختلف ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔متعلقہ افسران نے کمشنر کو منصوبوں کی موجودہ صورتحال، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں بریفنگ دی۔ کمشنر حافظ شوکت علی نے تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے شروع کیے گئے عوامی فلاحی پروگراموں کے ثمرات ہر صورت عام شہریوں تک پہنچنے چاہئیں کمشنر نے کہا کہ "اپنا کھیت اپنا روزگار" پروگرام زرعی شعبے میں انقلابی تبدیلی لانے، نوجوانوں اور کسانوں کو معاشی طور پر مستحکم بنانے اور جدید زرعی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک اہم اقدام ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ پروگرام کے تحت تمام سرگرمیوں کو شفاف اور مؤثر انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد مستفید ہوسکیں اجلاس میں پلس پراجیکٹ کے مختلف پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا گیا۔کمشنر نے کہا کہ یہ منصوبہ پائیدار ترقی، بنیادی سہولیات کی بہتری اور مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرے گا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کے تمام مراحل کی مسلسل نگرانی کی جائے اور پیش رفت رپورٹس باقاعدگی سے جمع کرائی جائیں سٹی بیوٹیفکیشن پراجیکٹ اور اربن ری جنریشن پلان کے تحت شہر کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی، گرین بیلٹس کی بحالی، سڑکوں اور چوکوں کی تزئین و آرائش، وال پینٹنگ، پارکس کی بہتری اور دیگر شہری سہولیات کے اقدامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر حافظ شوکت علی نے کہا کہ شہریوں کو صاف، خوبصورت اور بہتر ماحول فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مؤثر رابطے کے ساتھ کام کریں انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جاری منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام ترقیاتی سرگرمیاں مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کی جائیں۔ کمشنر نے اس بات پر زور دیا کہ بین الادارہ جاتی تعاون، مؤثر نگرانی اور شفافیت کے ذریعے ہی ترقیاتی اہداف حاصل کیے جا سکتے ہیں اور عوام کو بہتر خدمات فراہم کی جا سکتی ہیں اجلاس کے اختتام پر کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی نے تمام اضلاع کے افسران کو ہدایت کی کہ حکومتی منصوبوں کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد ان کے ثمرات میسر آسکیں اور مجموعی ترقی کے عمل کو مزید مستحکم بنایا جاسکے۔

بقیہ 17
ست افراد کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ذرائع کے مطابق لائبریری میں معیاری اور جدید کتب کی شدید کمی ہے، جس کے باعث طلبہ کو اپنی تعلیمی ضروریات پوری کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔اس کے علاوہ پینے کے صاف پانی کا مناسب انتظام بھی موجود نہیں، جو آنے والے طلبہ کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے مزید معلوم ہوا ہے کہ لائبریری میں واش روم جیسی بنیادی سہولت بھی یا تو ناکارہ ہے یا مکمل طور پر دستیاب نہیں، جبکہ بجلی کی غیر یقینی صورتحال کے باعث سولر سسٹم اور بیٹری جیسی متبادل سہولیات کا بھی فقدان ہے۔ان حالات میں طلبہ کے لیے پرسکون اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنا ممکن نہیں رہا طلبہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ تعطیلات کے بعد مطالعے کے شوق میں لائبریری کا رخ کرتے ہیں، تاہم سہولیات کی کمی انہیں مایوس کر دیتی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو لائبریری کی افادیت مکمل طور پر ختم ہو جائے گی شہر کے شہریوں، اساتذہ اور تعلیمی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس تاریخی اور اہم ادبی ادارے کی بحالی کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ لائبریری کی حالت بہتر بنانا نہ صرف طلبہ بلکہ پورے شہر کے علمی مستقبل کے لیے ناگزیر ہے دوسری جانب عوامی حلقوں میں یہ سوال شدت اختیار کر رہا ہے کہ آخر اس اہم تعلیمی ادارے کی ابتر حالت کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے، اور متعلقہ ادارے اس جانب کب توجہ دیں گے۔ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو یہ علمی اثاثہ مکمل طور پر اپنی اہمیت کھو سکتا ہے۔

بقیہ 18
ہیں۔یاد رہے کہ کچھ عرصہ پہلے انکے پاؤں کا فریکچر ہوگیا تھا جس کے بعد ڈاکٹرز نے انہیں سرجری کا مشورہ دیا تھا۔ ذرائع کے مطابق چوہدری نثار علی خان اب کافی بہتر ہیں اور چلنے پھرنے کے قابل ہیں۔انکے سوشل میڈیا کوآرڈی نیٹر راجہ شاہد محمود اور دیگر عزیز واقارب نے چوہدری نثار علی خان کی کامل شفاء یابی اور صحت سلامتی والی لمبی زندگی کیلئے دعا کی اپیل کی ہے۔یاد رہے کہ چوہدری نثار علی خان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما تھے، سابق وزیراعظم محمد نواز شریف کی وفاقی کچن کیبنٹ کے انتہائی اہم وزیر، موجودہ وزیراعظم شہباز شریف کے انتہائی بااعتماد ساتھوں میں شمار ہوتے ہیں جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے سابق وزیراعظم اور سیاسی اسیر قائد عمران خان کے ساتھ بھی انکے دیرینہ مراسم ہیں۔

بقیہ 19
خدمت، دیانتداری اور کارکردگی کو مدنظر رکھتی ہے۔انہوں نے ماضی میں بھی بلا امتیاز عوامی خدمت کی ہے اور آئندہ بھی اسی جذبے اور لگن کے ساتھ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتے رہیں گے۔ بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور کارکنان وحامی بھرپور جوش وخروش کے ساتھ انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ رائے پوچھاں گروپ حلقے کے عوام اور دوستوں کے اعتماد کی بدولت ایک مرتبہ پھر کامیابی حاصل کرے گا۔عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے ان کی جدوجہد جاری رہے گی اور کامیابی کے بعد مزید بہتر انداز میں عوام کی خدمت کی جائے گی۔ملک عمر حیات نے کہا کہ عوام کا اعتماد ان کا قیمتی سرمایہ ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔

بقیہ 20
اور 7 پاکستان ریلویز ملازمین بھی جان سے گئے۔گزشتہ 5 سالوں کے مال بردار اور مسافر ٹرینوں کے کتنے حادثات ہوئے، خوفناک اعداد وشمار سامنے آگئے۔

بقیہ 21
لائی 2025ء تا مئی 2026ء اوسط مہنگائی 6.69 فیصد رہی۔مئی 2026ء میں شہروں میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی میں 0.68 فیصد اضافہ ہوا جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 0.30 فیصد بڑھی۔سالانہ بنیاد پر دیہی علاقوں میں مہنگائی کی شرح 11.48 فیصد اور شہری علاقوں میں 11.79 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 22
ہد لطیف خان اور ایشیا ویب 3 الائنس جاپان (AWAJ) کی صدر ہنزہ آصف کے درمیان وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک اہم ملاقات منعقد ہوئی، جس میں پاکستان میں بین الاقوامی سرمایہ کاری کے فروغ، اسٹارٹ اپس کی ترقی اور انہیں آئی پی او (Initial Public Offering) کی جانب لے جانے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں اوک بزنس کنسلٹنٹ کی صدف عباس نے بھی ایشیا ویب 3 الائنس جاپان (AWAJ) کی مالیاتی مشیر کے طور پر شرکت کی۔ملاقات کے دوران اس امر پر غور کیا گیا کہ کس طرح بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع سے روشناس کرایا جا سکتا ہے اور انہیں ملک میں سرمایہ کاری کے لیے راغب کیا جا سکتا ہے۔شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کے اسٹارٹ اپس کو مناسب رہنمائی، مالی معاونت اور ریگولیٹری سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ وہ کامیابی کے ساتھ ترقی کرتے ہوئے آئی پی او کی سطح تک پہنچ سکیں۔شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ کسی بھی ملک کی معاشی ترقی میں اسٹارٹ اپس انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔یہ نہ صرف جدت اور اختراع کو فروغ دیتے ہیں بلکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو متوجہ کرنے میں بھی معاون ثابت ہوتے ہیں۔ملاقات میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی آسان رسائی کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔اس سلسلے میں مختلف تجاویز زیر غور آئیں کہ بین الاقوامی سرمایہ کار کس طرح پاکستان کی مستحکم اور قائم شدہ کمپنیوں میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں اور ملکی سرمایہ کاری کے نظام سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔مزید برآں اسلامی اسٹارٹ اپس اور اسلامی سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ اسلامی فنانس اور شریعہ کمپلائنٹ سرمایہ کاری کے مواقع کو مزید فروغ دے کر پاکستان کو اسلامی سرمایہ کاری کا ایک اہم مرکز بنایا جاسکتا ہے۔اس موقع پر زاہد لطیف خان نے کہا کہ پاکستان غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے بے شمار مواقع رکھتا ہے اور انہیں یہاں بہترین معاونت اور سہولتیں فراہم کی جاسکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ حالیہ برسوں میں حکومت کی جانب سے متعارف کرائی گئی متعدد اصلاحات اور سرمایہ کار دوست پالیسیوں نے بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کو مزید آسان اور پرکشش بنا دیا ہے۔ملاقات کے اختتام پر زاہد لطیف خان نے ہنزہ آصف کو پاکستان اور جاپان کے درمیان کاروباری اور سرمایہ کاری کے روابط کو فروغ دینے کی کاوشوں کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ پیش کی۔شرکاء نے امید ظاہر کی کہ پاکستان اور بین الاقوامی کاروباری برادری کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون ملک میں سرمایہ کاری، جدت، کاروباری سرگرمیوں اور معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔

بقیہ 23
کرائمز نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے جبکہ حکمران طبقے کی شاہ خرچیاں اور عیاشیاں مسلسل جاری ہیں، جس سے عوام میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف پروگرامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں اسٹریٹ کرائمز کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔لوگ دن دیہاڑے لوٹے جا رہے ہیں، قیمتی جانوں سے محروم ہو رہے ہیں اور ان کے مال واسباب غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔قانون نافذ کرنے والے ادارے جرائم کے سدباب میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں کر پا رہے، جس کی وجہ سے عوام کا اعتماد کمزور ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض تحقیقاتی اور سکیورٹی اداروں کے خلاف بھی عوامی شکایات کی ایک طویل فہرست موجود ہے، جنہیں فوری طور پر دور کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں انصاف اور تحفظ فراہم کیا جاسکے۔محمد جاوید قصوری نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کو سہولت اور تحفظ فراہم کرنے والے بعض ادارے بھی شہریوں کی مشکلات میں اضافے کا سبب بن رہے ہیں۔ بیوروکریسی کی سست روی، غیر ضروری پیچیدگیاں اور عوامی مسائل کے حل میں عدم دلچسپی نے حالات کو مزید خراب کر دیا ہے۔حکومت کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے اور ریاستی اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، صنعت و تجارت کا پہیہ سست روی کا شکار ہے اور سرمایہ کار غیر یقینی صورتحال کے باعث سرمایہ کاری سے گریز کر رہے ہیں۔ بیرونی سرمایہ کار پاکستان آنے سے گھبرا رہے ہیں جبکہ مقامی سرمایہ کاروں پر مسلسل نئے ٹیکسز اور مالی بوجھ عائد کر کے انہیں اپنا سرمایہ بیرون ملک منتقل کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو معیشت مزید مشکلات کا شکار ہو سکتی ہے۔امیر جماعت اسلامی پنجاب نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے، جرائم کی روک تھام، سرمایہ کاری کے فروغ، ٹیکسوں میں کمی اور اداروں کی اصلاح کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ ملک کو بحرانوں سے نکالا جا سکے اور عوام کو ایک پرامن اور خوشحال مستقبل میسر آسکے۔

بقیہ 24
کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کریں گے۔عمران غزنوی کو سرکاری و نجی شعبوں میں 20 برس سے بھی زائد کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔ وہ ایم ایس ماس کمیونیکیشن اور ایم بی اے (مارکیٹنگ) میں امتیازی اسناد کے حامل ہیں، جبکہ امریکہ سے یوٹیلیٹی اور انرجی ریگولیشن میں خصوصی تربیت بھی حاصل کر چکے ہیں۔وہ پی آئی اے، ایف بی آر، ایس ای سی پی، سی سی پی، پلاننگ کمیشن اور معروف میڈیا اداروں میں اعلیٰ عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے اوگرا میں بطور ترجمان اور سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کارپوریٹ ومیڈیا خدمات انجام دینے کے بعد ذمہ داریوں سے سبکدوشی اختیار کی۔وہ ایک معروف پیشہ ور شخصیت کے طور پر نمایاں ہیں، جو اسٹریٹجک کمیونیکیشن، ریگولیٹری امور اور کارپوریٹ گورننس میں وسیع مہارت کے حامل ہیں۔

بقیہ 25
سی پی او راولپنڈی نے واقعے کا نوٹس لے لیا، ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کر لی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم دے دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ لگتا ہے۔

بقیہ 26
ل اور قصبات میں محکمہ ماحولیات اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام ریلیاں، واکس، مذاکرے اور سیمینارز منعقد ہوں گے جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین ماحول کو آلودگی سے بچانے اور ماحول کی بہتری کیلئے زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی اہمیت پر زور دیں گے۔ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 80 فیصد بیماریوں کا تعلق آلودہ پانی کے استعمال سے ہے جبکہ ماحولیاتی آلودگی کی سب سے بڑی وجہ بڑھتی ہوئی آبادی ہے۔

بقیہ 27
پریس کانفرنس کرتے ہوئے سیف الدین ایڈووکیٹ نے کہا کہ کراچی کی بربادی میں ایم کیو ایم پی پی کے شانہ بشانہ نظر آتی ہے، کل فاروق ستار نے وسیم اختر کے ہمراہ پہاڑ کے سائے پریس کانفرنس کی جس میں انہوں نے جماعت اسلامی پر بھی تنقید کی، جب وسیم اختر میئر تھے تو فاروق ستار نے کہا تھا اس شخص کو نکالو، رابطہ کمیٹی سے بھی نکالو، مصطفیٰ کمال کے دور میں زمینوں پر بدترین قبضے کیے گئے، ہم نے ایم کیو ایم کے قبضوں کیخلاف لسٹ کے ساتھ سپریم کورٹ میں پٹیشن دائر کی تھی جس کے بعد بہت ساری جگہوں کو واگزار کرایا گیا۔

بقیہ 28
روہاں صرف فیملیز کو جانے کی اجازت ہوگی، تاہم اس دعوے کی جب پڑتال کی گئی تو معلوم ہوا کہ یہ خبر آدھے سچ اور آدھے جھوٹ پر مبنی ہے، مری شہر میں بیچلرز کے داخلے پر کوئی پابندی نہیں ہے، وہ عام سیاحوں کی طرح شہر میں آ سکتے ہیں۔ضلع مری کی انتظامیہ اور ڈپٹی کمشنر آفس کا کہنا ہے کہ بیچلرز کے شہر میں داخلے پر کوئی ممانعت نہیں ہے، تاہم مری کے ایک مخصوص اور مصروف ترین علاقے کے لیے ضابطہ اخلاق تبدیل کیا گیا ہے، غیر شادی شدہ مردوں کے گروپس یا فیملی کے بغیر اکیلے آنے والے مردوں کو مری کے صرف اور صرف مشہور مال روڈ پر داخل ہونے سے روکا گیا ہے، مال روڈ کے علاوہ پورے مری شہر، ایکسپریس وے، پتریاٹہ یا دیگر تفریحی مقامات پر بیچلرز کے آنے پر کوئی پابندی یا بین نہیں ہے۔ضلع مری کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کامران صغیر نے گفتگو کرتے ہوئے اس معاملے کی تصدیق کی اور اصل صورتحال واضح کی کہ مری دفعہ 144 نافذ کی گئی، جس کے تحت بیچلرز کو مال روڈ پر داخل ہونے سے روکا جائے گا، مال روڈ کے اوپر بیچلرز الاوڈ نہیں ہیں، وہاں سوائے فیملی کے کسی کو جانے کی اجازت نہیں، لیکن پورا مری بیچلرز کے لیے بند نہیں ہے اور مری شہر میں ان کی انٹری پر کوئی بین نہیں ہے۔بتایا جا رہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر مری کے سرکاری نوٹیفکیشن میں مری کی ڈسٹرکٹ پولیس نے انتظامیہ کو سفارش کی تھی کہ عید کے دنوں اور سیاحتی سیزن میں فیملیز کو پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے مال روڈ پر رش کو کنٹرول کیا جائے، اس سفارش پر عمل کرتے ہوئے دفعہ 144 کے تحت عارضی طور پر مال روڈ کو صرف فیملیز کے لیے مخصوص کیا گیا تھا۔

بقیہ 29
سب موجود تھے سوائے ان کے جو بیرون ملک تھے، یہ سہیل آفریدی کی حکومت نہیں، بانی پی ٹی آئی کی حکومت ہے، سہیل آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کی مکمل حمایت حاصل ہے، ہم سب سہیل آفریدی کی حمایت اور حفاظت کریں گے۔

بقیہ 30
ی سمندری علاقے میں حد بندی کے مذاکرات کے آغاز اور چین کی علاقائی خودمختاری و بحری حقوق و مفادات کی سنگین خلاف ورزی کے ردعمل میں ایک ضروری قدم ہے۔ترجمان نے کہا کہ ہم جاپان اور فلپائن پر زور دیتے ہیں کہ وہ چین کی سمندری خودمختاری اور حقوق ومفادات کو نقصان دینے والے تمام غیر قانونی اقدامات فوراً روکیں۔ان کا کہنا تھا کہ چائنا کوسٹ گارڈ متعلقہ سمندری علاقوں کی نگرانی و کنٹرول کو مسلسل مضبوط بنائے گا اور عملی اقدامات کے ذریعے چین کی علاقائی خودمختاری و بحری حقوق و مفادات کا پوری قوت سے تحفظ کرے گا۔

بقیہ 31
ں ممالک کے قانون ساز اداروں کو سربراہان مملکت کی سفارت کاری کو رہنما اصول کے طور پر اپناتے ہوئے، صدور کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے، دونوں جانب سے دستخط کردہ تعاون کی دستاویزات، اور طے شدہ بڑے منصوبوں کے عملی نفاذ کو یقینی بنانا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ دوطرفہ تعاون کے لیے فائدہ مند قانونی دستاویزات کو بروقت منظور اور ان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جانا چاہیے، اور ایک شفاف، منصفانہ اور مستحکم کاروباری ماحول پیدا کیا جانا چاہیے۔چاؤلہ جی کا کہنا تھا کہ "چین روس تعلیمی سال" جیسی سرگرمیوں میں فعال طور پر حصہ لیا جانا چاہیے، اور ثقافتی تبادلوں کو گہرا کیا جانا چاہیے۔ مقامی قانون ساز اداروں کے فعال کردار کو بروئے کار لاتے ہوئے، مقامی تعاون کو بڑھانے کے لیے تجاویز اور کوششیں کی جانی چاہئیں، بین الاقوامی پارلیمانی یونین جیسے کثیرالجہتی میکانزم میں ہم آہنگی اور بین الاقوامی انصاف اور مساوات کو فروغ دیا جانا چاہیے۔

بقیہ 32
کے تحت سفر سے روکا گیا تاکہ غیر قانونی ہجرت اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کی جا سکے۔نعمان صدیقی کے مطابق مسافروں کو آف لوڈ کرنے کا عمل جس پر اکثر عوامی سطح پر تنقید کی جاتی ہے دراصل ایک احتیاطی اقدام ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد جانوں کا تحفظ، شہریوں کو بیرون ملک استحصال سے بچانا اور پاکستان کی بین الاقوامی ساکھ کو محفوظ رکھنا ہے۔

بقیہ 33
ن کے ملکی ضوابط اور "صرف دفاع" کے اصول کی خلاف ورزی ہیں، جو دوسری جنگ عظیم کے بعد کے بین الاقوامی نظم ونسق کو چیلنج کرتے ہیں اور جاپان کے اس دعوے کے بھی منافی ہیں کہ وہ ایک "امن پسند ملک" ہے۔ لین جیئن نے کہا کہ جاپانی عسکریت پسندی نے دوسری جنگ عظیم کے دوران گھناؤنے جرائم کا ارتکاب کیا، جس سے جاپان کے ایشیائی ہمسایہ ممالک کو شدید مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ جاپان کے حالیہ غلط بیانات اور اقدامات سے علاقائی امن و استحکام کو خطرہ لاحق ہے۔ عالمی برادری کو انتہائی چوکس رہتے ہوئے "نئی قسم کی عسکریت پسندی" کو پرعزم طریقے سے روکنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔

بقیہ 34
اکت دار ہے۔انہوں نے لکھا کہ یہ دورہ ایک ایسے اہم موقع پر ہوا ہے جب دنیا اور اس خطے نے گہری تبدیلیوں کا تجربہ کیا ہے۔

بقیہ 35
ور افواہوں کی گردش کے بعد سامنے آئی ہے جن میں ایران کو درپیش پیچیدہ سیاسی اور معاشی حالات کے تناظر میں مسعود پزشکیان کے دستبردار ہونے یا استعفیٰ دینے کے امکان کا ذکر کیا گیا تھا۔

بقیہ 36
رمیں توسیع ہو رہی ہے۔تصادم کے دائرہ کار میں ممکنہ توسیع کے ایک اور اشارے کے طور پر اسرائیلی میڈیا رپورٹ کیا کہ نیتن یاہو نے سکیورٹی تشخیصی اجلاس کے دوران لبنان میں فوجی کارروائیوں کو وسعت دینے کے اختیارات پر بحث کی جس میں دارالحکومت بیروت کو دوبارہ نشانہ بنانا بھی شامل ہے۔رپورٹ کے مطابق اسرائیلی قیادت اہداف کی فہرست کو وسعت دینے اور حزب اللہ پر فوجی دباؤ بڑھانے پر غور کر رہی ہے اگر اسرائیل کے خلاف حملے جاری رہے۔ یہ ایک ایسا قدم ہے جو مہینوں سے جاری تصادم کے دھارے میں ایک اہم موڑ ثابت ہوسکتا ہے اور صورتحال کے وسیع تر تصادم کی طرف بڑھنے کے خدشات پیدا کر رہا ہے۔

بقیہ 37
لینڈ ڈالر خرچ ہوجاتے ہیں، جو گھریلو آمدنی کا تقریباً پانچواں حصہ بنتا ہے۔یہ اب محض معاشی حساب کتاب کا مسئلہ نہیں رہا بلکہ ایک نفسیاتی صدمہ بن چکا ہے۔

بقیہ 38
تعلق رکھنے والے بعض اماراتی سوشل میڈیا مبصرین اور تجزیہ کاروں نے رپورٹ میں فرقہ وارانہ پہلو کو مسترد کیا ہے۔انہوں نے موقف اختیار کیا ہے کہ متحدہ عرب امارات میں قوانین اور سیکیورٹی ضوابط سب پر یکساں طور پر لاگو ہوتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی وزارت داخلہ بھی واضح کر چکی ہے کہ اگر کسی پاکستانی شہری کے خلاف کارروائی ہوئی تو اس کا تعلق متحدہ عرب امارات کے قوانین، ویزا شرائط یا سیکیورٹی معاملات سے ہوسکتا ہے۔

بقیہ 39
راستے اور ریٹیل سیلز آؤٹ لیٹس شامل ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ عجوہ، صفاوی اور صقعی کھجوریں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی اقسام میں سرفہرست رہیں۔اس کی وجہ خاص طور پر حج کے سیزن میں مقامی کھجوروں کی مصنوعات کے لیے زائرین اور خریداروں کی بڑھتی ہوئی مانگ ہے۔اس بات کی بھی وضاحت کی گئی ہے کہ شعبے سے وابستہ فیلڈ عملے نے چوبیس گھنٹے اپنی نگرانی اور رہنمائی کا کام جاری رکھا جس کے دوران 384 سے زائد فیلڈ دورے کیے گئے تاکہ فنی وصحت کے ضوابط پر عمل درآمد کی تصدیق کی جا سکے اور مصنوعات کے معیار اور ذخیرہ اندوزی کے عمل کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔اس کے ساتھ ساتھ بازار میں سامان پہنچانے والی 930 سے زیادہ گاڑیوں کے داخلے کو منظم کیا گیا۔مدینہ منورہ کا علاقہ مملکت سعودی عرب میں کھجور پیدا کرنے والا تیسرا بڑا علاقہ ہے اور یہ کل قومی پیداوار میں تقریباً 15 فیصد حصہ ڈالتا ہے کیونکہ یہاں تقریباً 8 ملین کھجور کے درخت اور کھجور کے 20 کارخانے موجود ہیں۔گزشتہ سال کے دوران پیداوار کے حجم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 31 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کی مالیت ایک ارب ریال سے تجاوز کر گئی۔یہ اعداد وشمار جو زراعت کی قومی حکمت عملی کے اہداف کو تقویت دیتے ہیں اور کھجور کے شعبے اور اس سے وابستہ مینوفیکچرنگ صنعتوں کی ترقی میں مدد کرتی ہے۔

بقیہ 40
ہے جبکہ متعدد شکایات کے باوجود مسئلے کا مستقل حل نہیں نکالا جا سکا۔درخواست گزاروں نے نشاندہی کی کہ آبادی کے قریب سے گزرنے والی 11KV ہائی وولٹیج لائنیں بھی انسانی جانوں اور املاک کے لیے مستقل خطرہ بنی ہوئی ہیں اور کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ گرمیوں میں بجلی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے باعث ٹرانسفارمر پر بوجھ میں مزید اضافہ ہو رہا ہے، جس سے نہ صرف لو وولٹیج اور بجلی کی خرابیوں میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ مزید برقی آلات کے جلنے کے خدشات بھی بڑھ گئے ہیں۔ متاثرین نے اعلیٰ آئیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر موقع کا معائنہ کیا جائے، اوور لوڈ ٹرانسفارمر کی استعداد میں اضافہ یا نیا ٹرانسفارمر نصب کیا جائے، متاثرہ صارفین کے نقصانات کا تخمینہ لگا کر ازالہ کیا جائے اور 11KV ہائی وولٹیج لائنوں کو حفاظتی اصولوں کے مطابق محفوظ یا منتقل کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں کسی جانی یا مالی نقصان سے بچا جا سکے۔ درخواست پر متعدد مقامی شہریوں نے دستخط کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری عملی کارروائی اور مسئلے کے مستقل حل کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 41
سے دن ایک بجے تک کیسز سماعت کریں گے۔رجسٹرار سندھ ہائی کورٹ نے اس حوالے سے سرکلر جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق موسم گرما میں عدالتوں کے دفتری اوقات 9 بجے سے دن 3 بجے تک ہوں گے۔سرکلر کے مطابق جسٹس سلیم جیسر کی سربراہی میں 2 رکنی آئینی بینچ تعطیلات کے دوران اہم کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس ارشد حسین خان کی سربراہی میں 2 رکنی ریگولر بینچ بھی کیسز کی سماعت کرے گا جب کہ جسٹس عمر سیال اور جسٹس یوسف علی سعید الگ الگ سنگل بینچز میں کیسز کی سماعت کررہے ہیں۔

بقیہ 42
یزا شرائط یا سیکیورٹی معاملات سے ہوسکتا ہے۔

بقیہ 43
عدالت نے حکم دیا کہ پنجاب پولیس کے تمام افسران کو لاپتہ خواتین کی بازیابی کے لیے فوری اور موثر اقدامات کی ہدایات جاری کی جائیں۔

بقیہ 44
یداری کیلئے شق 236K کے تحت ود ہولڈنگ ٹیکس 1.5 فیصد سے کم ہوگا، پراپرٹی کی خریداری کیلئے شق 236K کے تحت ود ہولڈنگ ٹیکس 0.25 فیصد ہو سکتا ہے، پراپرٹی کی فروخت کیلئے شق 236C کے تحت ود ہولڈنگ ٹیکس 4.5 فیصد کیا جائے گا، پراپرٹی کی فروخت کیلئے شق 236C کیتحت ود ہولڈنگ ٹیکس کم ہو کر 1.5 فیصد ہوسکتا ہے۔ذرائع ایف بی آر کے مطابق پراپرٹی سیکٹر پر ٹیکسز میں ردوبدل کیلئے آئی ایم ایف کو آگاہ کیا گیا ہے، بجٹ میں نان فائلر کیلئے پراپرٹی کی خرید وفروخت پر کوئی ریلیف نہیں ملے گا، نان فائلرز کیلئے پراپرٹی کی خرید وفروخت پر تقریباً 10.5 فیصد کے ٹیکس عائد ہیں۔بتایا گیا کہ گزشتہ سال کی نسبت رواں مالی سال جولائی سے مارچ ود ہولڈنگ ٹیکس 29 فیصد ملا، بھاری ٹیکسوں کی وجہ سے گزشتہ مالی سال کی نسبت گین ٹیکس وصولی میں بھی کمی ہوئی۔

بقیہ 45
اور عدلیہ حکام کو فوری نوٹس لینا چاہیے۔ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ٹیلی فون انڈسٹریز آف پاکستان کے متعدد افسران بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظوری لئے بغیر اپنی تنخواہوں کے علاوہ پروجیکٹ کے نام پر ڈبل تنخواہیں وصول کر رہے ہیں جن میں ادارے کے سابق چیف فائنانس افسر ناصر رزاق، چیف انٹرنل آڈیٹر وقار حسن اور ڈپٹی منیجر مدثر ظہور بھٹی سمیت کئی افسران کے نام سرفہرست ہیں۔

بقیہ 46
ب حکومت کا مالی سال 27-2026 کا بجٹ تیاری کے آخری مراحل میں داخل ہوگیا ہے، جبکہ تمام سرکاری محکموں سے بجٹ تجاویز موصول ہوچکی ہیں، وزارت خزانہ کے مطابق آئندہ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس عائد نہ کرنے کی تجویز زیر غور ہے، تاہم ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور بعض سروسز پر ٹیکس کی شرح میں ردوبدل کیا جا سکتا ہے، بجٹ کا بنیادی فوکس تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر، صفائی ستھرائی، زراعت، امن وامان اور عوام کو سستی خوراک کی فراہمی پر ہوگا، پنجاب کے آئندہ بجٹ کا مجموعی حجم 6 ہزار ارب روپے رہنے کا تخمینہ ہے، جبکہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے 1500 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے، بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں وفاقی حکومت کے برابر اضافے کی تجویز بھی شامل کی گئی ہے، ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت ساڑھے 4 ٹریلین روپے سے زائد فنڈز موصول ہونے کا امکان ہے، بجٹ جون کے دوسرے ہفتے میں پنجاب اسمبلی میں پیش کیے جانے کا امکان ہے، جبکہ صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن بجٹ پیش کریں گے، جبکہ وزیراعلیٰ مریم نواز بجٹ اجلاس کے تمام سیشن میں موجود ہوں گی۔

بقیہ 47
یت سیل کی جعلی چیئرپرسن گرفتار کر لی گئی، ملزمہ کا تعلق پی ٹی آئی سے بتایا جاتا ہے، ترجمان جہلم پولیس نے بتایا کہ ملزمہ مہناز سعید نے جہلم سٹی پولیس کو بطور چیئرپرسن وزیراعلیٰ شکایت سیل تعارف کرایا، ملزمہ مہناز سعید نے جہلم پولیس سے پروٹوکول اور سہولتوں کی ڈیمانڈ کی، وزیراعلیٰ پنجاب شکایت سیل سے چیک کرنے پر ملزمہ مہناز سعید سے لاتعلقی کا اظہار کیا گیا، ترجمان جہلم پولیس نے مزید بتایا کہ جعلسازی ثابت ہونے پر پولیس نے ملزمہ کو ساتھی سمیت گرفتار کرلیا اور گاڑی سے شراب بھی برآمد کر لی ہے، ملزمہ مہناز سعید کا تعلق پی ٹی آئی مظفرگڑھ سے بتایا جاتا ہے۔

بقیہ 48
نمار کا شہری شامل ہے۔سفارتی ذرائع کے مطابق صومالی حکومت آئل ٹینکر آنرز 25 کے مالک کے ذریعے بحری قزاقوں سے مذاکرات کر رہی ہے، تاہم اب تک کوئی پیش رفت نہیں ہوسکی۔ذرائع کے مطابق قزاقوں نے ابتدا میں 10 لاکھ ڈالر اور بعد ازاں 4 ملین ڈالر تاوان کا مطالبہ کیا، لیکن مذاکرات تاحال بے نتیجہ ہیں۔سفارتی ذرائع کے مطابق جہاز اس وقت صومالی ساحل کے قریب لنگر انداز ہے۔ذرائع کے مطابق صومالی حکومت نے پاکستان کو یقین دہانی کرائی تھی کہ وہ بحری قزاقوں سے رابطے کے ذریعے پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں جاری رکھے گی جبکہ اس حوالے سے حکومت پاکستان کو باضابطہ خط بھی ارسال کیا گیا تھا۔

بقیہ 49
ان فیکٹری کا ملازم اچانک ٹرک کے اندر موجود ٹینک میں گر گیا۔ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ شخص کو ٹینک سے باہر نکالا، تاہم وہ موقع پر ہی دم توڑ چکا تھا۔جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت عبدالرحمان ولد امام بخش (عمر 42 سال) کے نام سے ہوئی ہے، جو بستی کمارہ، ضلع لودھراں کا رہائشی تھا۔

بقیہ 50
انکشاف بھی کیا گیا کہ ثالثوں کی جانب سے تخمینی تجاویز پیش کیے جانے کا امکان ہے اور حالیہ دنوں میں موجودہ ثالثی سے وابستہ کئی بین الاقوامی فریقوں کی طرف سے رابطے دیکھنے میں آئے ہیں تاکہ معاملات کو دوبارہ خراب ہونے یا مذاکرات کے راستے کو مستقل طور پر ناکام ہونے سے روکا جا سکے اور اس راستے میں نئے خیالات پیش کیے جا سکیں۔جہاں تک فیلڈ کی صورتحال کا تعلق ہے تو ایک فلسطینی شہری ان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وفات پا گیا۔وسطی غزہ سٹی میں فراس بازار کے ارد گرد اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں فلسطینی جان سے گیا۔ یہ بات "فلسطینی انفارمیشن سینٹر" نے بتائی۔ایک مقامی ذریعے نے بھی تصدیق کی ہے کہ اسرائیلی افواج نے غزہ سٹی کے مشرق میں دھماکے کی کارروائی کی جس کے ساتھ ہی شہر کے جنوب مشرق میں زیتون کالونی کے مشرقی علاقوں پر توپ خانے کی بمباری دوبارہ شروع ہو گئی۔اس کے علاوہ اسرائیلی جنگی کشتیوں نے غزہ سٹی کے ساحل کے سامنے اور خان یونس کے ساحل کے سامنے بھی فائرنگ کی۔اسرائیلی گاڑیوں نے خان یونس شہر کے مشرق اور اس کے وسط میں فائرنگ کی۔واضح رہے گزشتہ سال اکتوبر سے جاری جنگ بندی کے معاہدے کے باوجود اسرائیلی بمباری تقریباً روزانہ کی بنیاد پر دہرائی جاتی ہے۔حماس نے اسرائیل پر بارہا جنگ بندی کے معاہدے کی خلاف ورزی کرنے اور کشیدگی بڑھانے کا الزام لگایا ہے جس سے معاہدے کے پہلے مرحلے کی شقوں پر عمل درآمد سبوتاژ ہوتا ہے۔

مری میں غیر شادی شدہ افراد کے داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی

مری میں غیر شادی شدہ مردوں کے داخلے پر مکمل پابندی عائد کی افواہ کے حوالے سے حقیقت سامنے آ گئی

عارضی طور پر مال روڈ کو صرف فیملیز کے لیے مخصوص کیا گیا تھا؛ حکام

مری (یواین پی) سوشل میڈیا پر سیاحوں کے پسندیدہ ترین پہاڑی مقام مری کے حوالے سے ایک انتہائی تیزی سے وائرل ہونے والی خبر نے شہریوں بالخصوص نوجوانوں میں تشویش پھیلا رکھی ہے، جس میں یہ دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ مری میں غیر شادی شدہ مردوں کے داخلے پر مکمل پابندی لگا دی گئی ہے، اب اس وائرل افواہ کی حقیقت سامنے آ چکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق عید سے قبل سوشل میڈیا پر یہ پروپیگنڈا کیا جا رہا تھا کہ مری شہر میں دفعہ 144 نافذ کر کے غیر شادی شدہ مردوں کے داخلے پر باقاعدہ سرکاری پابندی عائد کر دی گئی ہے او(بقیہ نمبر 28)

ٹی آئی پی بغیر بورڈ منظوری افسران کا ڈبل تنخواہیں اور مراعات لینے کا انکشاف

کرپشن اور خرد برد کی نشاندہی کرنیوالا چیف فنانس افسر ملازمت سے فارغ کر دیا گیا، حکومت اور اداروں کیلئے سوالیہ نشان؟

وقار حسن اور ناصر رزاق ایک ایک لاکھ روپے جبکہ مدثر ظہور بھٹی 85 ہزار روپے ماہانہ وصول کرتے رہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مبینہ کرپٹ مافیا نے ٹیلی فون انڈسٹریز آف پاکستان میں پنجے گاڑھ لئے۔ بورڈ منظوری کے بغیر افسران کا ڈبل تنخواہیں اور مراعات لینے کا انکشاف ہوا ہے۔ وقار حسن اور ناصر رزاق ایک ایک لاکھ روپے جبکہ مدثر ظہور بھٹی 85 ہزار روپے ماہانہ وصول کرتے رہے۔ کرپشن اور خرد برد کی نشاندہی کرنے والا چیف فنانس افسر ملازمت سے فارغ کر دیا گیا۔ متعلقہ حکومتی(بقیہ نمبر 45)

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی وفاقی وصوبائی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ سے ملاقات کر رہے ہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری بھی موجود ہیں۔

پی ٹی آئی میں کوئی فارورڈ بلاک نہیں، سب متحد ہیں، بیرسٹر گوہر

اجلاس میں سب موجود تھے سوائے ان کے جو بیرونِ ملک تھے، چیئرمین پی ٹی آئی

لاہور (یواین پی) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ پارٹی کے اندر کوئی فارورڈ بلاک نہیں، سب بانی پی ٹی آئی کی قیادت میں متحد ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم جمہوری لوگ ہیں، ارکان کو اختلافِ رائے کا حق ہے، ہم تمام فیصلے اتفاقِ رائے سے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں (بقیہ نمبر 29)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، حلقے میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

بجٹ 27-2026 میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کیلئے ریلیف کا امکان

آئندہ بجٹ میں فائلرز کیلئے پراپرٹی کی خرید وفروخت پر ٹرانزیکشن ٹیکس میں کمی ہو سکتی ہے

اسلام آباد (یواین پی) آئندہ وفاقی بجٹ 27-2026 میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کیلئے ریلیف کا امکان ظاہر کر دیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق آئندہ بجٹ میں فائلرز کیلئے پراپرٹی کی خرید وفروخت پر ٹرانزیکشن ٹیکس میں کمی ہو سکتی ہے، پراپرٹی کی خرید وفروخت پر ٹرانزیکشن ٹیکس میں کمی ہو سکتی ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پراپرٹی کی خر(بقیہ نمبر 44)

چائنا کوسٹ گارڈز کا جزیرہ تائیوان کے مشرق میں علاقائی پانیوں میں قانون کے نفاذ کا گشت

بیجنگ (یواین پی) چائنا کوسٹ گارڈز کے ترجمان جیانگ لیوئے نے کہا ہے کہ چائنا کوسٹ گارڈز نے پیر کے روز چین کے جزیرہ تائیوان کے مشرق میں علاقائی پانیوں میں قانون کے نفاذ سے متعلق گشت اور نگرانی کی کارروائیاں انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ جاپان اور فلپائن کی جانب سے یکطرفہ طور پر چین کے جزیرہ تائیوان کے مشر(بقیہ نمبر 30)

چین اور روس کو بڑے منصوبوں کے عملی نفاذ کو یقینی بنانا چاہیے، چینی عہدیدار

ماسکو (یواین پی) روس کی فیڈریشن کونسل کی چیئرپرسن ویلنٹینا ماتویئنکو اور ریاستی ڈوما کے چیئرمین ویاچسلاؤ ولوڈن کی دعوت پر چین کی قومی عوامی کانگریس کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین چاؤ لہ جی نے 27 سے 30 مئی تک روس کا سرکاری دوستانہ دورہ کیا۔ پیر کے روز ماسکو میں انہوں نے بالترتیب ویلنٹینا ماتویئنکو اور ویاچسلاؤ ولوڈن کے ساتھ ملاقات کی اور چین روس پارلیمانی تعاون کمیٹی کے گیارہویں اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ دونو(بقیہ نمبر 31)

عالمی برادری کو جاپان کے حالیہ غلط بیانات اور اقدامات پر انتہائی چوکس رہنا ہوگا

بیجنگ (یواین پی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیئن نے یومیہ پریس کانفرنس میں، نیٹو کے ساتھ دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کے جاپان کے منصوبوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جاپان کی جارحانہ ''دوبارہ عسکریت پسندی'' اور خطے سے باہر کی فوجی تنظیموں کے ساتھ متواتر تبادلے جاپانی آئین، بین الاقوامی قانون، جاپا(بقیہ نمبر 33)

نمائندہ یورپی یونین کایا کالاس وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئیں

پاکستان بڑی علاقائی طاقت ہے، یورپی یونین کے لیے اہم شراکت دار ہے

اسلام آباد (یواین پی) یورپی یونین کی نمائندہ کایا کالاس وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئیں کایا کالاس نے پاکستان پہنچنے کے بعد اسلام آباد سے ایک انسٹا اسٹوری شیئر کی ہے۔ انہوں نے اپنی انسٹا اسٹوری میں لکھا ہے کہ میں اسلام آباد میں ہوں۔ یورپی یونین کی نمائندہ نے لکھا کہ پاکستان ایک بڑی علاقائی طاقت ہے اور یورپی یونین کے لیے ایک اہم (بقیہ نمبر 34)

ایک شخص مارکیٹ سے ائیر کولر خرید کر موٹر سائیکل کے پیچھے رکھ کر لے جا رہا ہے۔

آئندہ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس عائد نہ کرنے کی تجویز زیر غور ہے، رانا طارق

رائیونڈ (یواین پی) پنجاب میں نئے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہ لگا کر عوام دوستی کا ثبوت دیا ہے؛ رانا طارق، پنجاب حکومت نے ایک اور ریکارڈ قائم کرتے ہوئے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہ لگانے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم بعض ٹیکسوں کی شرح میں تبدیلی کی جا سکتی ہے، مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء سابق صوبائی وزیر ریٹائرڈ کرنل رانا محمد طارق ملتان روڈ مراکہ کوٹ رانا پیلس میں ن لیگیوں اور میڈیا سے اظہار خیال کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ پنجا(بقیہ نمبر 46)

آئل ٹینکر کے اغوا کو 40 دن مکمل، 10 پاکستانیوں سمیت کوئی رہا نہ ہو سکا

صومالی حکومت آئل ٹینکر آنر 25 کے مالک کے ذریعے بحری قزاقوں سے مذاکرات کر رہی

کراچی (یواین پی) صومالی قزاقوں نے آئل ٹینکر آنر 25 پر موجود آئل ٹینکر آنر 25 کے اغوا کو 40 دن مکمل ہو گئے، تاہم 10 پاکستانیوں سمیت تمام یرغمالی تاحال رہا نہ ہو سکے۔ رپورٹ کے مطابق 21 اپریل کو صومالی قزاقوں نے آئل ٹینکر آنر 25 پر قبضہ کر کے عملے کے 17 افراد کو یرغمال بنا لیا تھا، جن میں 10 پاکستانی، 4 انڈونیشیائی، ایک بھارتی اور ایک میا(بقیہ نمبر 48)

وزیر اعلیٰ پنجاب کمپلیٹ سیل کی جعلی چیئرپرسن گرفتار، مقدمہ درج

رائیونڈ (یواین پی) وزیر اعلیٰ پنجاب کمپلیٹ سیل کی جعلی چیئرپرسن گرفتار، جاتی امراء ذرائع کے مطابق مقدمہ درج، ملزمہ مہناز سعید نے جہلم سٹی پولیس سیچر وٹوکول اور سہولتوں کی ڈیمانڈ کی، پی ٹی آئی مظفر گڑھ سے تعلق ہے، ترجمان پولیس لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب کمپلیٹ سیل کی چیئرپرسن بن کر پروٹوکول حاصل کرنے کی کوشش کرنے والی ملزمہ گرفتار کر لی گئی اور مقدمہ درج کر لیا گیا، جہلم میں وزیر اعلیٰ شکا(بقیہ نمبر 47)

فیصل آباد، ٹینکی میں گرنے سے فیکٹری ملازم جاں بحق

جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت عبدالرحمان ولد امام بخش (عمر 42 سال) کے نام س

فیصل آباد (یواین پی) ٹینکی میں گرنے سے فیکٹری ملازم جاں بحق چک نمبر 77 گ ب، ستیانہ روڈ پر پروٹین آئل کے ٹرک کی ٹینکی میں ایک شخص کے گرنے کی اطلاع پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مرغیوں کی خوراک میں استعمال ہونے والے پروٹین آئل سے بھرے ٹرک کی صفائی کے دور(بقیہ نمبر 49)

مصر نے فلسطینی گروپوں کو غزہ کے متعلق ہنگامی اجلاس کی دعوت دیدی

اجلاس بدھ کو العلمین شہر میں منعقد ہوگا، غزہ پر جمود سے نکلنے کی تجاویز پر بحث کی جائے گی

غزہ کے معاملے میں مسلسل جمود کے سائے میں اور وقتاً فوقتاً ہونے والی اسرائیلی بمباری کے دوران باخبر فلسطینی ذرائع نے بتایا ہے

غزہ (یواین پی) غزہ کے معاملے میں مسلسل جمود کے سائے میں اور وقتاً فوقتاً ہونے والی اسرائیلی بمباری کے دوران باخبر فلسطینی ذرائع نے بتایا ہے کہ مصر نے فلسطینی دھڑوں کو بدھ کو ایک ہنگامی اجلاس کی دعوت دی ہے تاکہ اس جمود سے نکلنے کی تجاویز پر بحث کی جا سکے۔ ذرائع نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ یہ اجلاس العلمین شہر میں منعقد ہوگا تاکہ اس جمود کی حالت سے نکلنے کی تجاویز پر بحث کی جا سکے۔ اس جمود نے جنگ بندی کے معاہدے کے دوسرے مرحلے میں منتقلی اور پہلے مرحلے کو مکمل کرنے کے معاملے کو متاثر کیا ہے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ حماس، اسلامک جہاد تحریک اور باقی فلسطینی دھڑے اس اجلاس میں شرکت کریں گے۔ مزید برآں یہ(بقیہ نمبر 50)

لاہور: سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل صوبائی سطح پر جاری ملکی تاریخ کی سب سے بڑی سیوریج صفائی مہم کا جائزہ لے رہے ہیں، ایم ڈی واسا غفران احمد بریفنگ دے رہے ہیں۔

سندھ ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا آغاز

موسم گرما کی تعطیلات یکم جون سے 2 اگست تک جاری رہیں گی، سرکلر جاری

کراچی (یواین پی) سندھ ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا آغاز ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق موسم گرما کی تعطیلات یکم جون سے 2 اگست تک جاری رہیں گی اس سلسلے میں سندھ ہائی کورٹ سمیت ماتحت عدالتوں میں اہم مقامات کی سماعت کے لیے خصوصی بینچز تشکیل دے دیے گئے ہیں۔ ہائی کورٹ سرکٹ بینچ حیدرآباد، لاڑکانہ اور سکھر کے لیے بھی خصوصی بینچز تشکیل دیے گئے ہیں۔ خصوصی بینچز روزانہ ساڑھے نو بجے(بقیہ نمبر 41)

وزیر مملکت مبارک زیب خان، معذور افراد میں امدادی چیکس تقسیم کر رہے ہیں۔

اوور لوڈ ٹرانسفارمر سے شہری پریشان قیمتی برقی آلات جلنے لگے

چیف ایگزیکٹو آئیسکو چیف انجینئر اور ایس ای چکوال فوری نوٹس لیں

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) تحصیل چوآسیدن شاہ کے محلہ سوئی گیس کے رہائشیوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو اسلام آباد، چیف انجینئر آئیسکو، سپرنٹنڈنگ انجینئر چکوال سرکل اور سب ڈویژنل آفیسر آئیسکو چوآسیدن شاہ سے فوری مداخلت کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں نصب ٹرانسفارمر شدید اوور لوڈ کا شکار ہے جس کے باعث ووٹیج میں مسلسل غیر معمولی اتار چڑھاؤ پیدا ہو رہا ہے اور متعدد گھروں میں پانی کی موٹریں، پنکھے، فریج، اور دیگر قیمتی برقی آلات جل کر ناکارہ ہو چکے ہیں جس سے شہریوں کو بھاری مالی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ مکینوں کے مطابق حالیہ طوفان کے بعد صورتحال مزید سنگین ہو گئی (بقیہ نمبر 40)

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ماہانہ ریونیو عوامی خدمت کچہری میں شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

میں میدان میں ڈٹا ہوا ہوں: ایرانی صدر نے اپنے استعفے کی تردید کر دی

ایران مشکلات سے بھرے راستے پر گامزن، عوام کے سامنے مسائل اصل شکل میں پیش کرتے ہیں، پزشکیان

ایرانی صدارتی دفتر نے صدر مسعود پزشکیان کے استعفے سے متعلق رپورٹس کی صحت کی تردید کر دی

ریاض (یواین پی) ایرانی صدارتی دفتر نے صدر مسعود پزشکیان کے استعفے سے متعلق رپورٹس کی صحت کی تردید کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ مسعود پزشکیان معمول کے مطابق اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ایرانی صدر نے خود براہ راست بیانات جاری کیے جن میں انہوں نے ملک کو درپیش چیلنجز کے باوجود اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ تردید ان رپورٹس ا(بقیہ نمبر 35)

جب لوگ پیٹرول پمپ پر بے بس ہو جائیں، دنیا خاموشی سے نئی پٹڑی پر منتقل ہو رہی ہوتی ہے

بیجنگ (یواین پی) اپریل 2026 میں نیوزی لینڈ میں پیٹرول کی قیمت بڑھ کر 3.4 نیوزی لینڈ ڈالر فی لیٹر تک پہنچ گئی۔ عام آمدنی والے خاندان اگر ایک ماہ میں دو یا تین مرتبہ گاڑی میں پیٹرول بھرواتے ہیں تو صرف ایندھن پر ہی ایک ہزار سے زائد نیوزی (بقیہ نمبر 37)

نیتن یاہو کا بیروت کو دوبارہ نشانہ بنانے پر غور، امریکہ کی منظوری کے خواہاں

اسرائیلی قیادت اہداف کی فہرست کو وسعت دینے اور حزب اللہ پر فوجی دباؤ بڑھانے پر غور کر رہی

تل ابیب (یواین پی) اسرائیل نے جنوبی لبنان میں اپنی فوجی کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ یہ تیزی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کی جانب سے لبنان کی صورتحال پر ایک خصوصی سکیورٹی تشخیصی اجلاس منعقد کرنے کے ساتھ ہی ہوئی ہے۔ اسرائیلی ٹی وی کے مطابق نیتن یاہو نے لبنانی محاذ پر میدانی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک سکیورٹی اجلاس منعقد کیا۔ خیال رہے حالیہ دنوں میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں مسلسل جاری ہیں اور ان کے دائرہ کا(بقیہ نمبر 36)

وادی لیپہ، آزاد کشمیر: سیاح پاک فوج کے تیار کردہ شمسہ باری ویو پوائنٹ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، جہاں سے وادی لیپہ کا خوبصورت منظر دکھائی دیتا ہے۔

اماراتی حلقوں کی پاکستانیوں کی مبینہ بے دخلی کی تردید

امارات میں کوئی بھی کارروائی 'رنگ ونسل ومسلک ومذہب' کے بجائے قانون کے مطابق ہوتی

اسلام آباد (یواین پی) اماراتی حلقوں نے یو اے ای سے پاکستانیوں کی مبینہ بے دخلی کی پُر زور تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ امارات میں کوئی بھی کارروائی رنگ ونسل ومسلک ومذہب کے بجائے قانون کے مطابق ہوتی ہے۔ متحدہ عرب امارات میں پاکستانی شہریوں کی مبینہ بے دخلیوں سے متعلق بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے بعد سوشل میڈیا پر مختلف آرا سامنے آ رہی ہیں جس پر اماراتی حکومت کی جانب سے کوئی باضابطہ ردعمل جاری نہیں کیا گیا۔ البتہ متحدہ عرب امارات کے حکومتی حلقوں سے قریبی (بقیہ نمبر 38)

مدینہ منورہ کھجور بازار کی فروخت 20 دنوں میں 12 ملین ریال تک پہنچ گئی

شفروخت ہونے والی کل مقدار 724.4 ہزار کلوگرام رہی

ریاض (یواین پی) سعودی عرب کی وزارت برائے ماحول، پانی وزراعت کے مدینہ منورہ کے شعبے کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ 20 دنوں کے دوران مدینہ منورہ کے مرکزی کھجور بازار میں کھجوروں کی فروخت کا حجم تقریباً 724.4 ہزار کلوگرام رہا جس کی مالیت نیلامی کے ذریعے تقریباً 12 ملین ریال رہی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان میں مرکزی ہال کے اندر ایئر کنڈیشنڈ (بقیہ نمبر 39)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

عوامی ہوسٹ

اپنے کاروبار کے لیے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

صرف -5000/- روپے میں (یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے)

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ!

ہوسٹنگ پیکیج کے فیچرز

- Free .com Domain
- Free SSL Certificate
- 1-Click WordPress Installer
- Unlimited Space & Bandwidth
- Unlimited Email Accounts
- Unlimited MySQL databases
- Unlimited Subdomains
- Latest Version of PHP, MYSQL, and cPanel
- 24/7/365 Support
- 100% Up time Guarantee
- Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا۔

E-Commerce Website - Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035